★ ABC CERTIFIED ★

Member APNS

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27......شمارہ نمبر 359 بروز جمعرات 24 ستمبر 2026ء 11 ربیع الثانی 1448ھ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان......ایڈیٹر: ایم ایس خان

قلات میں نامعلوم مسلح افراد ایدھی ایمبولینس چھین کر فرار ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) قلات میں نامعلوم مسلح افراد ایدھی ایمبولینس چھین کر فرار ہو گئے پولیس کے مطابق قلات میں ایدھی ایمبولینس کے ذریعے ایک خاتون کی میت منتقل کرنے کے بعد واپس آ رہی تھی کہ گدر کے مقام پر نامعلوم مسلح افراد نے ایدھی ایمبولینس کو روک کر ڈرائیور کو تشدد کر کے ایمبولینس چھین کر فرار ہو گئے۔

خاران کے مغوی ڈپٹی کمشنر کے دو محافظ بازیاب ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) خاران کے مغوی ڈپٹی کمشنر کے دو محافظ بازیاب ہو گئے جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ایک محافظ تا حال لاپتہ ہے پولیس کے مطابق ڈپٹی کمشنر خاران منیر سومرو گزشتہ دنوں مسلح افراد کے ہاتھوں اغواء ہوتے والے گن مین ڈرائیور بیرک اور یوسف بازیاب ہو کر گھر پہنچ گئے جبکہ ڈپٹی کمشنر اور ان کا ایک حوالدار تا حال لاپتہ ہے جن کی بازیابی کیلئے حکومت اور سیکورٹی فورسز کارروائی کر رہی ہے۔

پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں، جنہوں نے معاشرے کی تشکیل اور اجتماعی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے

پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا خوبصورت حصہ ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان

بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہی ثقافتی و لسانی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت ہے تمام اقوام اپنی منفرد ثقافتی شناخت کے ساتھ بلوچستان کی اجتماعی پہچان کو مزید مضبوط بناتی ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کی تہذیبی شناخت کا ایک اہم اور خوبصورت حصہ ہے۔ وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پشتون ثقافت میں مہمان نوازی، رواداری، بہادری، بھائی چارے اور انسان دوستی کی اعلیٰ روایات نمایاں ہیں، جنہوں نے معاشرے کی تشکیل اور اجتماعی اقدار کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور یہی ثقافتی و لسانی تنوع صوبے کی اصل خوبصورتی اور قوت ہے۔ تمام اقوام اپنی منفرد ثقافتی شناخت کے ساتھ بلوچستان کی اجتماعی پہچان کو مزید مضبوط بناتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں، میر سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں دہشت گردوں کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو قابل تحسین قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کارروائی کے دوران 9 (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی متحدہ عرب امارات اور مسقط کا دورہ مکمل کر کے کوئٹہ پہنچ گئے



کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان و سابق سینیٹر نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی متحدہ عرب امارات اور مسقط کا دورہ مکمل کر کے کوئٹہ پہنچ گئے۔ نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی متحدہ عرب امارات اور مسقط کے چار روزہ دورے کے موقع پر بلوچ ادیب (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پشتون ثقافت امن، محبت، رواداری، مہمان نوازی، بہادری اور اعلیٰ اخلاقی اقدار کا حسین امتزاج ہے، مینا مجید

کوئٹہ (خ ن) پشتون کلچر ڈے کے موقع پر صوبائی مشیر کھیل و امور نوجوانان محترمہ مینا مجید بلوچ کی پاکستان سمیت دنیا بھر میں آباد تمام پشتون بہن بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ پشتون ثقافت امن، محبت، رواداری، مہمان نوازی، بہادری اور اعلیٰ اخلاقی (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

نیویارک: وزیر اعظم شہباز شریف گیٹس فاؤنڈیشن کے چیئرمین بل گیٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

خبرگ میں خونی تالاب کے قریب پولیس چوکی پر حملہ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی اور فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشتگرد ہلاک ہو گئے جبکہ ایک ایف سی صوبیدار شہید اور اے ٹی ایف کا ایک اہلکار زخمی ہوا، حکام

فائرنگ کے تبادلے میں مزید 7 دہشتگرد مارے گئے ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جبکہ فائرنگ کے دوران سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا

بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں، 16 دہشتگرد ہلاک

ایف سی صوبیدار شہید، اہلکار زخمی

کارروائی کے بعد علاقے میں فرار ہونے والے دہشتگردوں کی تلاش کیلئے سرچ، کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور امن و امان کے قیام تک کارروائیاں جاری رہیں گی

کوئٹہ (نیوز ایجنسیاں + مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں دہشتگردوں کے خلاف آپریشن رد الفتنہ 3 کے تحت سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری ہیں، مستونگ، کوئٹہ اور تربت میں مختلف آپریشنز کے دوران فتنہ الخوارج کے 16 دہشتگرد ہلاک کر دیے گئے جبکہ فائرنگ کے تبادلے میں ایف سی کا ایک صوبیدار شہید اور اے ٹی ایف کا ایک اہلکار سمیت سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا سیکیورٹی ذرائع کے مطابق مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں فتنہ الخوارج کے (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

توشہ خانہ کے نئے قواعد نافذ، تحائف کی کھلی نیلامی کا نظام متعارف

تحائف 30 روز کے اندر جمع کرانا ہوں گے، مارکیٹ ویلیو کے شفاف تعین

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے توشہ خانہ کے انتظام اور سرکاری تحائف سے متعلق نئے قواعد توشہ خانہ (مینجمنٹ اینڈ ریگولیشن) رولز 2026 نافذ کر دیے ہیں، جن کے تحت موجودہ اور مستقبل میں جمع ہونے والے تحائف کی عمومی طور پر کھلی نیلامی، مقررہ مدت میں تحائف جمع کرانے، مارکیٹ ویلیو کے شفاف تعین، باقاعدہ آڈٹ اور ویب پورٹل (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے پہلے سیکریٹری جنرل مقرر

اسلام آباد (آن لائن) حکومت پاکستان نے لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود، ہلال امتیاز (ملٹری) کو مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت قائم کیے جانے والے اتحاد کا پہلا سیکریٹری جنرل مقرر کرنے کا اعلان کر دیا۔

وزیر اعظم شہباز شریف کی کینیا کے صدر ولیم روٹو سے ملاقات

مشرقی افریقی برادری سے روابط اور تعاون کے مزید فروغ میں دلچسپی کا اظہار

نیویارک (آن لائن) وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے نیویارک میں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے اعلیٰ سطحی حصے کے موقع پر کینیا کے صدر ولیم روٹو سے ملاقات کی۔ وزیر اعظم پاکستان نے مشرقی افریقی برادری کے ساتھ پاکستان کے روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا اور کہا کہ دوا سازی، ٹیکسٹائل، جراحی کے (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

خاران میں باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کی بڑی تعداد موجود ہے، میر شعیب نوشیروانی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر خزانہ و معدنیات میر شعیب نوشیروانی سے پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) ڈسٹرکٹ ایسوسی ایشن خاران کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پی سی بی بلوچستان ریجن کے نمائندگان بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران خاران میں (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

نیشنل پارٹی کی پشتون قوم کو مبارکباد، ثقافتی ورثے، زبان اور روایات کے تحفظ پر زور

بلوچستان کا حسن ثقافتی تنوع، مختلف اقوام کے باہمی احترام اور مشترکہ روایات میں پوشیدہ ہے

جدید تعلیم و ترقی کے ساتھ مادری زبان، ادب اور ثقافتی شناخت کا تحفظ بھی ضروری ہے: رحمت صالح بلوچ

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان صدیوں سے مختلف اقوام، زبانوں، ثقافتوں، تہذیبوں اور روایات کا مسکن رہا ہے۔ صوبے میں آباد تمام اقوام نے اپنی اپنی ثقافتی روایات اور (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن اسلام آباد میں پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر خزانہ اورنگزیب کی نیویارک میں عالمی رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور بین الاقوامی اداروں کے سربراہان سے اہم ملاقاتیں

عالمی سطح پر اب توجہ توانائی کی منتقلی سے ہٹ کر توانائی کے تحفظ پر مرکوز ہو چکی ہے، وزیر خزانہ

توانائی کا تحفظ، پی آئی اے کی جدید کاری، ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے قومی پروگرام میں تیزی اور موسمیاتی فنانسنگ تک رسائی پر تبادلہ خیال

پاکستان کی معاشی اصلاحات، بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے

نیویارک (آن لائن) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے سلسلے میں نیویارک کے دورے کے دوران عالمی رہنماؤں، کاروباری شخصیات اور بین الاقوامی اداروں کے سربراہان سے اہم ملاقاتیں کی ہیں۔ ان مذاکرات کا بنیادی محور توانائی کا تحفظ، پی آئی اے کی جدید کاری، ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے قومی پروگرام میں تیزی لانا اور موسمیاتی فنانسنگ تک موثر رسائی حاصل کرنا رہا ہے۔ ورلڈ اکنامک فورم کے مکالمے سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ عالمی سطح پر اب توجہ "توانائی کی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

نارووال: وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی احسن اقبال گوجرانوالہ تعلیمی بورڈ کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان

پشتونوں نے اپنی ثقافت اور شناخت کے تحفظ کیلئے قربانیاں دی ہیں، نواب ثناء اللہ زہری

ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی تہذیب، روایات اور اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو ثقافتی ورثے سے روشناس کرانا ہے

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور چیف آف جھالاوان نواب ثناء اللہ خان زہری نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں پشتون ثقافتی دن کے موقع پر پشتون قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کوئٹہ، صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی سے توبہ کاکڑی برشور کا قبائلی وفد ملاقات کر رہا ہے۔

وفاقی حکومت کا سول ایوارڈز کے نظام میں اصلاحات کا فیصلہ، 16 رکنی جائزہ کمیٹی تشکیل

کمیٹی نامزدگی کا عمل سیاسی اثر و رسوخ سے پاک اور مکمل طور پر میرٹ پر مبنی بنائے گی، حکام

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے ملک میں سول ایوارڈز عطا کرنے کے موجودہ نظام پر نظر ثانی کرنے کا بڑا فیصلہ کرتے ہوئے طریقہ کار کو مزید شفاف، معروضی اور میرٹ پر مبنی بنانے کے لیے ایک اعلیٰ سطح کی 16 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی ہے۔ کابینہ ڈویژن نے اس (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

سپرینٹنڈنٹ آف پولیس کا پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کا فیلڈ جائزہ

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) سپریٹنڈنٹ اف پولیس کا پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کا فیلڈ جائزہ، اہلکاروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت ضلع قلعہ عبداللہ میں جاری انسداد پولیو مہم کے دوران سپر (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

ڈی سی چمن کی زیر صدارت ایوننگ ریویو اجلاس

چمن (خ ن) ڈی سی چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ایوننگ ریویو اجلاس منعقد (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

افغان طالبان رجیم کے 8 ڈرونز پاکستانی حدود میں داخل، ایئر ڈیفنس نے تمام مار گرادیے

چار ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں جبکہ 4 ڈرونز کوہاٹ سے متصل سرحدی پہاڑی علاقوں میں گرائے گئے

اسلام آباد (آن لائن) افواج پاکستان کے فعال اور مستعد ایئر ڈیفنس سسٹم نے بدھ کی صبح افغان طالبان رجیم کی جانب سے پاکستان کی فضائی حدود میں داخل ہوئے 8 ڈرونز کو مار گرایا، سیکیورٹی ذرائع کے مطابق 4 ڈرونز طورخم بارڈر سے ملحقہ علاقوں جبکہ 4 ڈرونز کوہاٹ (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے

ریاست دشمن عناصر کیلئے بلوچستان میں کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں، شاہد رند

مستونگ میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے مستونگ کے علاقے کنگ وادی میں سیکیورٹی فورسز کی جانب سے فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیکیورٹی فورسز بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے موثر اور فیصلہ کن کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ شاہد رند نے کہا کہ مستونگ کے علا (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

انتظامیہ چمن کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر ایک عظیم الشان ثقافتی میلے کا انعقاد

چمن (خ ن) ضلعی انتظامیہ چمن کے زیر اہتمام پہلی مرتبہ پشتون کلچر ڈے کے موقع پر ایک عظیم الشان ثقافتی میلے کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جس کا مقصد پشتون قوم کی قدیم روایات، ثقافتی ورثے، روایتی کھیلوں، فنون اور تہذیبی اقدار کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کو اپنی شاندار ثقافت سے روشناس کرانا اور معاشرے میں اتحاد (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

اقوام متحدہ جنرل اسمبلی میں غزہ کی صورتحال پر اعلیٰ سطحی اجلاس

فلسطینی ریاست 1967 سے قبل کی سرحدوں پر قائم ہونی چاہیے: اسحاق ڈار

نیویارک (آن لائن) اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں غزہ کی صورتحال اور فلسطین کے مسئلے کے حل کے حوالے سے اعلیٰ سطحی اجلاس ہوا، جس میں پاکستان سمیت مختلف ممالک کے وفود نے شرکت کی۔ نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے اجلاس سے خطاب کیا۔ اسحاق ڈار نے غزہ میں جاری انسانی تکالیف فوری ختم کرنے اور متاثرہ فلسطینیوں تک بلا رکاوٹ انسانی امداد کی فراہمی یقینی بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کے مسئلے کے مستقل حل کے لیے ناقابل واپسی سیاسی عمل آگے بڑھانا ضروری ہے۔ نائب وزیر اعظم نے کہا کہ ایک آزاد، خودمختار اور متصل فلسطینی ریاست کا قیام ناگزیر ہے، جو 1967 (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

پشتون ثقافت صدیوں پر محیط تاریخ کی امین ہے، سینیٹر بلال مندوخیل

میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی ثقافتی اور تاریخی شناخت کو بھی مضبوط بنایا جائیگا

ہماری نوجوان نسل ہمارا مستقبل ہے، اسے اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، رکن پبلک اکاؤنٹس کمیٹی، اور سینیٹر پاکستانی و کامرس کمیٹی کے رکن سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے ہماری قدیم اور شاندار ثقافت، روایات، اقدار اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنے کا اہم موقع ہے۔ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط تاریخ کی امین ہے، جس میں مہمان نوازی، رواداری، بہادر (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر بدھ کو جوش و خروش سے منایا گیا

پشتون علاقوں سمیت مختلف شہروں اور علاقوں میں ثقافتی پروگراموں کا انعقاد

کوئٹہ (آن لائن) پشتون کلچر ڈے 23 ستمبر بدھ کو جوش و خروش سے منایا گیا اس دن کی مناسبت سے ملک بھر کے پشتون علاقوں سمیت مختلف شہروں اور علاقوں میں ثقافتی پروگرا (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید خطرات کا سامنا ہے، وزیر خزانہ

موسمیاتی سرمایہ کاری کے منصوبوں کو مؤثر بنانے کی ضرورت ہے، محمد اورنگزیب

نیویارک (آن لائن) وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کو موسمیاتی تبدیلی کے باعث شدید خطرات کا سامنا ہے، موسمیاتی سرمایہ کاری کے منصوبوں کو مؤثر بنانے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے تقریب منعقد ہوئی

کوئٹہ (خ ن) گورنر ہاؤس کوئٹہ میں پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے گزشتہ روز ایک سادہ مگر پروقار تقریب منعقد ہوئی جس میں ژوب سے تعلق رکھنے والے قبائلی رہنماں (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

نیویارک: وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب "فنانسنگ پلانیٹ اینڈ پراسپیریٹی" کے موضوع پر ورلڈ اکنامک فورم کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

وقت کے ساتھ یہی تصور انسانی ذہن، معاشرے اور تہذیب کی تعمیر و نشو و نما تک پھیل گیا، جعفر خان مندوخیل

گورنر بلوچستان کی پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد

اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں، پیغام

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پوری پشتون قوم بالخصوص نوجوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تاریخ سے روشنی، اپنی ثقافت سے شناخت، علم سے طاقت اور اپنے مستقبل سے امید حاصل کریں۔ ہمیں ایسا معاشرہ تشکیل دینا ہے جہاں اپنی ثقافتی جڑوں سے وابستگی اور جدید دنیا کے تقاضوں سے ہم آہنگی ایک دوسرے کی ضد نہ ہوں بلکہ ایک دوسرے کی تکمیل بنیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو شفاف اور سہل بنایا جا رہا ہے، چیئرمین ایف بی آر

مسائل کے فوری حل، پالیسی سازی میں تمام اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مؤثر بنایا جائیگا

لاہور (آن لائن) چیئرمین فیڈرل بورڈ آف ریونیو راشد محمود لنگڑیال نے کہا ہے کہ ٹیکس دہندگان کیلئے ٹیکس نظام کو مزید آسان، شفاف اور سہل بنایا جا رہا ہے، اس مقصد کیلئے ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، ٹیکس امور سے متعلق مسائل کے فوری حل اور پالیسی سازی میں ٹیکس پریکٹیشنرز سمیت تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے مشاورت کا عمل مزید مؤثر بنایا جائے گا، ٹیکس دہندگان کو سہولت فراہم کرنا اور جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے ٹیکس انتظامی نظام میں بہتری لانا ایف بی آر کی ترجیحات میں شامل ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور ٹیکس (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پولیو مہم کے دوران کلی جمال آباد میں پولیس اہلکاروں پر فائرنگ انتہائی افسوسناک عمل ہے، بی این پی

نوشکی (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی نوشکی کے ضلعی سیکریٹریٹ سے جاری ہونے والے بیان میں کہا گیا کہ پولیو مہم کے (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

کئی سالوں سے بند ٹرین سروس بحال کرنے کا مطالبہ

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے کئی عرصے سے بند ٹر (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

نوشکی میں پولیس اہلکاروں کی شہادت انتہائی افسوسناک ہے، غلام دستگیر بادینی

نوشکی (آن لائن) رکن صوبائی اسمبلی حاجی میر غلام دستگیر بادینی نے جمال آباد میں پولیس اہلکاروں پر ہونے والے حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پولیس کے جوا (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

پاکستان مختلف ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا حسین امتزاج ہے، صادق سنجرانی

پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے

نوکنڈی (آن لائن) سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے کہا ہے کہ پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین سینیٹ حاجی محمد صادق خان سنجرانی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر نوکنڈی "آن لائن" انٹرنیشنل نیوز نیٹ ورک کے نمائندہ سے بات چیت کرتے ہوئے کیا سابق چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری، رواداری اور بھائی چارے کے باعث منفرد مقام (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے، ظہور بلیدی

ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط کرتا ہے، پیغام جاری

ہمیں اپنی ثقافتی روایات کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے، صوبائی وزیر منصوبہ بندی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت بلوچستان کے تاریخی، تہذیبی اور ثقافتی ورثے کا اہم حصہ ہے۔ اپنے پیغام میں میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، رواداری اور بھائی چارے کے حوالے سے منفرد مقام رکھتی ہے۔ پشتون عوام نے بلوچستان کی ترقی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

کوئٹہ میں ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کا کریک ڈاؤن

10 ہزار 650 لیٹر دودھ کی موقع پر جانچ دودھ میں 30 فیصد تک پانی کی ملاوٹ پکڑی گئی

120 کلو غیر صحت بخش دہی تلف، متعدد دکانیں اور یونٹس جرمانہ و سیل کر دیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) وزیر اعلیٰ بلوچستان کے وژن کے مطابق عوام کو معیاری و محفوظ خوراک کی یقینی فراہمی اور صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف خصوصی مہم کے تحت کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی فوڈ سیفٹی ٹیموں کی جانب سے کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری ہے۔ ڈائریکٹر جنرل حبیب اللہ خان کے مطا (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

ABC CERTIFIED
روزنامہ تعمیر وطن
TAMEER-E-WATAN

زندہ اور باشعور قومیں

صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں تمام پشتون اقوام کو مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان تمام روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونوالی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارات ہے۔ ہماری ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمان خان نے کہا کہ ہمارے آج کے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ اپنی ثقافت کو زندہ رکھیں اور اسے نئی نسل تک منتقل کریں تاکہ دنیا بھر میں پشتون قوم کی روایات اور اخلاقی اقدار کو مثبت انداز میں پیش کیا جاسکے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان بھر میں جتنی بھی اقوام رہتی ہیں ان کی اپنی تاریخ ہے لہذا ہم سب کو چاہیے کہ ملک وصوبے کی تعمیر وترقی کے لئے ہم سب کو اپنا مثبت کردار ادا کرنا چاہیے یہ ملک ہے تو ہم ہیں ہماری پہچان پاکستان سے ہے۔ نسیم الرحمٰن ملاخیل نے کہا ہے کہ ثقافت ایک تاریخی تسلسل ہے جسکے ذریعے ہمارا ماضی اور حال جڑا ہوا ہے جس کی بنیاد پر ہم اپنے مستقبل کا رخ متعین کرتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ ارتقا اور ترقی کا سفر جیسے جیسے آگے بڑھتا ہے تو ماضی کی کئی چیزیں قصہ پارینہ بن جاتی ہیں ۔ اور انسان نئے حالات، ضروریات اور تقاضوں کے مطابق نئی اقدار اور اشیا کو اختیار کرتے ہیں ۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم بھائی چارہ، بردباری اور بشر دوست کی مضبوط اور شاندار اقدار و روایات کا آمین ہے لہذا ضروری ہے پشتون کلچر کی تقریبات کے ذریعے اپنی مترقی سوچ اور شاندار اقدار کو زیادہ سے زیادہ اجاگر کریں۔

بقیہ 01

کہ پشتون برادری نے بلوچستان کی سماجی، ادبی، سیاسی اور معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے، جسے قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ثقافتی ورثے کا تحفظ نئی نسل کو اپنی تاریخ، اقدار اور شناخت سے جوڑنے کا اہم ذریعہ ہے۔ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنی ثقافتوں، زبانوں اور روایات کو محفوظ بنائیں اور انہیں آنے والی نسلوں تک منتقل کریں انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں بسنے والی تمام اقوام کی ثقافتیں اور زبانیں صوبے کے مشترکہ ثقافتی ورثے کا حصہ ہیں۔ تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام اور فروغ ہماری مشترکہ ذمہ داری ہے۔ وزیر اعلی بلوچستان نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا موقع ہے بلکہ امن، بھائی چارے، باہمی احترام اور رواداری کے فروغ کا بھی پیغام ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون برادری کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کی تمام اقوام باہمی احترام، ہم آہنگی اور بھائی چارے کے ساتھ صوبے کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا کردار جاری رکھیں۔

بقیہ 02

اقدار کا حسین امتزاج ہے، جو صدیوں پر محیط ایک شاندار تاریخ اور تہذیبی ورثے کی عکاس ہے۔ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا خوبصورت گلدستہ ہے، جہاں پشتون اور بلوچ برادریاں صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ محبت، بھائی چارے اور باہمی احترام کے رشتے میں جڑی ہوئی ہیں۔ صوبے کی ترقی، امن اور خوشحالی میں پشتون عوام کا کردار قابل قدر ہے۔ پشتون کلچر ڈے ہمیں اپنی ثقافتی شناخت اور روایات کے تحفظ کے ساتھ ساتھ بلوچستان میں تمام اقوام کے درمیان اتحاد، یکجہتی، برداشت اور بین الثقافتی ہم آہنگی کو مزید فروغ دینے کا پیغام دیتا ہے۔ بطور صوبائی وزیر، میں پشتون قوم کی اپنی ثقافت، تاریخ، زبان اور دھرتی سے محبت کو سلام پیش کرتی ہوں اور اس عزم کا اعادہ کرتی ہوں کہ بلوچستان کی تمام ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا احترام ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے۔ ہماری مختلف ثقافتیں ہی بلوچستان کی اصل خوبصورتی اور طاقت ہیں۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی ہماری اس خوبصورت دھرتی کو ہمیشہ امن، ترقی، خوشحالی اور بھائی چارے کا گہوارہ بنائے اور تمام اقوام کو محبت واخوت کے ساتھ مل کر آگے بڑھنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 03

نذیر دہقان کی صاحبزادی کی شادی، متحدہ عرب امارات اور مسقط میں مقیم بلوچوں کی جانب سے اپنے اعزاز میں دیے گئے استقبالیوں، عشائیوں، عصرانوں اور تقریبات میں شریک ہوئے جہاں ان کی آمد کا سن کر متحدہ عرب امارات اور خلیجی ممالک میں مقیم بلوچوں کا جم غفیر اُمڈ آیا جنہوں نے نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی کا پرتپاک استقبال کیا اپنے مختصر دورے کے دوران نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے انتہائی مصروف دن گزارے۔

بقیہ 04

دہشت گردوں کو ہلاک کرنا سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور موثر حکمت عملی کا مظہر ہے۔ وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے دہشت گردوں کی بزدلانہ کارروائی کو بروقت اور موثر انداز میں ناکام بنایا۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ، گولہ بارود اور 3 موٹر سائیکلوں کی برآمدگی بھی کارروائی کی اہم کامیابی ہے۔ انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران زخمی ہونے والے سیکیورٹی فورسز کے جوان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے جوانوں کی قربانیاں قوم کے لیے باعث فخر ہیں۔ وزیر اعلی نے کہا کہ بلوچستان میں دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑے ہیں۔ دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہیں گی۔ بلوچستان کے عوام کے جان ومال کے تحفظ اور پائیدار امن کے قیام کے لیے ریاستی ادارے پوری قوت اور عزم کے ساتھ سرگرم ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت، سیکیورٹی فورسز اور عوام کے باہمی تعاون سے دہشت گردی کے ناسور کا خاتمہ کیا جائے گا اور بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کی کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 05

دہشتگردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چوکی پر حملہ کرنے کی کوشش کی، جسے جوانوں نے بروقت جوابی کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنادیا۔ کارروائی کے دوران 2 دہشتگرد موقع پر ہلاک ہوئے جبکہ فرار ہونے والے دہشتگردوں کا قریبی علاقوں میں تعاقب کیا گیا اور فائرنگ کے تبادلے میں مزید 7 دہشتگرد مارے گئے۔ ہلاک دہشتگردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کیا گیا، جبکہ فائرنگ کے دوران سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا۔ کوئٹہ کے نواحی علاقے اغبرگ میں خونی تالاب کے قریب پولیس چوکی پر بھی فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں نے حملہ کیا۔ سیکیورٹی فورسز کی جوابی کارروائی اور فائرنگ کے تبادلے میں 5 دہشتگرد ہلاک ہوگئے جبکہ ایک ایف سی صوبیدار شہید اور اے ٹی ایف کا ایک اہلکار زخمی ہوا۔ فورسز نے کارروائی کے دوران بھاری مقدار میں اسلحہ، ایمونیشن، دستی بم اور گولہ بارود قبضے میں لے لیا۔ علاقے میں سرچ، کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ ادھر ضلع تربت کے علاقے جوسک میں سیکیورٹی فورسز نے دہشتگردوں کی موجودگی کی اطلاع پر انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا، جس کے دوران فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشتگرد ہلاک ہوگئے۔ کارروائی کے بعد علاقے میں فرار ہونے والے دہشتگردوں کی تلاش کے لیے سرچ، کلیئرنس اور سینیٹائزیشن آپریشن جاری ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلوچستان میں دہشتگردی کے مکمل خاتمے اور امن وامان کے قیام تک کارروائیاں جاری رہیں گی

بقیہ 06

آلات، زراعت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں کینیا کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ وزیراعظم اور صدر روٹو نے پاکستان اور کینیا کے باہمی تعلقات کی موجودہ صورتحال کا جائزہ لیا اور تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے پر اظہار اطمینان کیا۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور کینیا کے درمیان دیرینہ اور دوستانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سیاسی، اقتصادی، تجارتی، دفاعی، تعلیمی اور عوامی سطح پر روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کی خواہش کا اظہار کیا۔ اقتصادی شعبے میں وزیراعظم نے دونوں ممالک کی باہمی تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے وسیع امکانات سے بھرپور استفادہ کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم نے بالخصوص دواسازی، ٹیکسٹائل، جراحی کے آلات، زراعت اور باہمی دلچسپی کے دیگر شعبوں میں دونوں ممالک کی کاروباری برادریوں کے درمیان روابط اور باہمی تعاون بڑھانے کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کینیا کے سرمایہ کاروں کو پاکستان میں خصوصی اقتصادی زونز میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ وزیراعظم شہباز شریف نے مشرقی افریقی برادری کے ساتھ پاکستان کے روابط اور تعاون کو مزید فروغ دینے میں بھی دلچسپی کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی اور عالمی امور، بشمول پائیدار ترقی اور عالمی امن وسلامتی، پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صدر ولیم روٹو نے مغربی ایشیا اور خلیجی خطے میں حالیہ بحران کے دوران پاکستان کے مصالحتی کردار کو سراہا۔ اعلی سطحی روابط کے باقاعدہ تسلسل کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے، دونوں جانب سے دوطرفہ تعاون کے موجودہ ادارہ جاتی طریقہ کار، بشمول دوطرفہ سیاسی مشاورت اور مشترکہ وزارتی کمیشن، کو مزید مستحکم کرنے پر اتفاق کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کینیا کی عوام کے لیے ترقی اور خوشحالی کی نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور اس اعتماد کا اظہار کیا کہ پاکستان اور کینیا کے تعلقات مزید مضبوط اور بامعنی بنیادوں پر فروغ پاتے رہیں گے۔

بقیہ 07

کرکٹ کے فروغ، مقامی کھلاڑیوں کو بہتر مواقع کی فراہمی اور پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے کھیلوں کی سرگرمیوں کے دائرہ کار کو خاران تک وسعت دینے سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے صوبائی وزیر خزانہ سے مطالبہ کیا کہ خاران کو پاکستان کرکٹ بورڈ کی جانب سے کھیل کے باقاعدہ حقوق فراہم کیے جائیں، جبکہ پی سی بی کے زیر اہتمام ٹورنامنٹس، مختلف کرکٹ سرگرمیاں اور تربیتی کیمپس خاران میں بھی منعقد کیے جائیں۔ وفد نے کہا کہ خاران میں باصلاحیت نوجوان کرکٹرز کی بڑی تعداد موجود ہے، جنہیں اپنی صلاحیتوں کے اظہار اور آگے بڑھنے کے لیے مناسب پلیٹ فارم اور مواقع کی ضرورت ہے۔ خاران میں کرکٹ کی سرگرمیوں کے انعقاد سے مقامی نوجوانوں کی حوصلہ افزائی ہوگی اور انہیں صوبائی، قومی اور بین الاقوامی سطح پر اپنی صلاحیتیں منوانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ وفد نے صوبائی وزیر خزانہ سے درخواست کی کہ وہ خاران میں کرکٹ کے فروغ اور پی سی بی کی سرگرمیوں کے انعقاد سے متعلق معاملہ چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ کے ساتھ اٹھائیں۔ میر شعیب نوشیروانی نے وفد کو یقین دلایا کہ خاران کے نوجوانوں اور کھلاڑیوں کے مسائل ومطالبات کو متعلقہ فورم پر اجاگر کرنے کے لیے ہرممکن تعاون کیا جائے گا۔

بقیہ 08

منتقلی" سے ہٹ کر "توانائی کے تحفظ" پر مرکوز ہوچکی ہے۔ انہوں نے نجی شعبے کے تعاون سے پاکستان میں شمسی توانائی کے فروغ کو سراہا۔ بوئنگ گلوبل کے صدر ڈاکٹر بریڈن نیلسن سے ملاقات میں پی آئی اے کے بیڑے کی تجدید، نئے طیاروں کی خریداری، لیزنگ کے انتظامات اور امریکی ایکسپورٹ امپورٹ بینک کی مالی معاونت پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ایسٹ فارماسیوٹیکل کے نمائندوں سے ملاقات میں ہیپاٹائٹس سی کے خاتمے کے پروگرام میں سست رفتار پیش رفت پر گہری تشویش کا اظہار کیا گیا اور ٹیسٹس کے استعمال کو تیز کرنے کے لیے فوری اقدامات کی یقین دہانی کرائی گئی۔ کلائمیٹ فنانس سلوشنز ڈائیلاگ سے خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے پاکستان کو موسمیاتی تبدیلیوں کے شدید خطرات سے دوچار ملک قرار دیا اور عالمی اداروں سے مطالبہ کیا کہ فنڈز کی فراہمی کے پیچیدہ طریقہ کار کو آسان بنایا جائے۔ وزیر خزانہ کے ان دوروں اور ملاقاتوں کا مقصد پاکستان کی معاشی اصلاحات، بیرونی سرمایہ کاری کے فروغ اور موسمیاتی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے۔

بقیہ 09

پر تصدیق شدہ معلومات کی فراہمی کا نظام متعارف کرایا گیا ہے۔ کابینہ ڈویژن کی سرکاری ویب سائٹ پر ان قواعد کی تاریخ 22 ستمبر 2026 درج ہے۔ نئے قواعد کے تحت بیرون ملک سرکاری دورے سے واپسی پر ملنے والا تحفہ 30 دن کے اندر توشہ خانہ میں جمع کرانا ہوگا، جبکہ الگ سے پاکستان منگوائے جانے والے تحائف 60 دن کے اندر جمع کرانا لازم ہوگا۔ مقررہ مدت میں تحفہ جمع نہ کرانے یا اسے ظاہر نہ کرنے کی صورت میں متعلقہ قانون کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ قواعد کے مطابق توشہ خانہ میں موجود اور مستقبل میں جمع ہونے والے تحائف عمومی طور پر کھلی نیلامی کے ذریعے فروخت کیے جائیں گے۔ سرکاری عہدیدار اور ان کے خاندان کے افراد توشہ خانہ کی نیلامی میں حصہ نہیں لے سکیں گے۔ نیلامی سے حاصل ہونے والی رقم انتہائی پسماندہ علاقوں میں بچیوں کی ابتدائی تعلیم کے لیے مختص کی جائے گی اور اسے چھ ماہ کے اندر خرچ کرنا ہوگا۔ تحائف کی مارکیٹ ویلیو کے تعین کے لیے ایف بی آر اور نجی شعبے سے تخمینہ لگوایا جائے گا۔ دونوں تخمینوں میں 25 فیصد سے زیادہ فرق کی صورت میں تیسرے نجی ماہر سے قیمت کا تعین کرایا جائے گا، جس کی مقرر کردہ قیمت حتمی تصور ہوگی۔ منظور شدہ جنریٹو مصنوعی ذہانت کے ذریعے قیمت کا تخمینہ بھی لگایا جاسکے گا، تاہم اسے صرف حوالہ جاتی قیمت کے طور پر استعمال کیا جائے گا۔

بقیہ 10

کہ قومیں اپنی ثقافت کو زندہ رکھ کر ہی اپنی شناخت برقرار رکھتی ہیں پشتونوں نے اپنی ثقافت اور شناخت کے تحفظ کے لیے قربانیاں بھی دی ہیں سابق وزیراعلی نواب ثناء اللہ زہری نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے ثقافتی روایات، بھائی چارے اور امن کے پیغام کو اجاگر کرنے کا دن ہے۔ پشتون ثقافت اپنی شاندار روایات، مہمان نوازی، بہادری اور بھائی چارے کے باعث منفرد مقام رکھتی ہے انہوں نے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی تہذیب، روایات اور اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو ثقافتی ورثے سے روشناس کرانا ہے۔ ملک میں تمام ثقافتیں باہمی احترام، رواداری اور قومی یکجہتی کی خوبصورت علامت ہیں۔

بقیہ 11

سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (SP) نے آج مختلف علاقوں کا فیلڈ دورہ کرکے پولیو ٹیموں کے لیے کیے گئے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران واہلکاروں کی فزیکل چیکنگ کی۔ اس موقع پر پولیس اہلکاروں کو موجودہ سیکیورٹی صورتحال کے پیش نظر دوران ڈیوٹی مکمل چوکسی، احتیاط اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنے کی ہدایت کی گئی۔ حالیہ سیکیورٹی واقعے کے تناظر میں اہلکاروں کو اپنی اور پولیو ٹیموں کی حفاظت کے لیے مقررہ سیکیورٹی SOPs پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی تاکید کی گئی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ پولیو ٹیموں کی نقل وحرکت کے دوران اردگرد کے ماحول پر مسلسل نظر رکھی جائے، مشکوک یا غیر معمولی سرگرمیوں پر فوری توجہ دی جائے، حساس مقامات اور داخلی وخارجی راستوں پر مناسب سیکیورٹی یقینی بنائی جائے جبکہ اہلکار بلاضرورت اپنے سیکیورٹی پوائنٹس نہ چھوڑیں۔ انہوں نے اس موقع پر تمام SHOs، SDPOs اور سپروائزری افسران کو ہدایت کی گئی کہ وہ فیلڈ میں سیکیورٹی انتظامات کی مسلسل نگرانی، باقاعدہ اور اچانک چیکنگ کو یقینی بنائیں اور اہلکاروں کو ڈیوٹی سے قبل مناسب بریفنگ دیں۔ انہوں نے مزید واضح کیا کہ وقت کی پابندی، نظم وضبط اور سیکیورٹی SOPs پر مکمل عملدرآمد ہر اہلکار کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ کسی بھی قسم کی غفلت یا لاپرواہی کو برداشت نہیں کیا جائے گا۔ تمام اہلکار پولیو مہم کی ڈیوٹی مکمل ہونے تک مکمل طور پر الرٹ رہتے ہوئے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں۔

بقیہ 12

حوالے سے باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے۔ وزیراعظم کی ہدایت پر قائم کی جانے والی اس جائزہ کمیٹی کے کنوینر سابق سیکرٹری محمود خوسہ ہوں گے۔ کمیٹی سول ایوارڈز کی نامزدگیوں، جانچ پڑتال، قانونی فریم ورک اور اہلیت کے معیار کا جامع جائزہ لے گی۔ اس کے علاوہ یہ کمیٹی موجودہ نظام میں موجود خامیوں اور ابہام کی نشاندہی کرکے ایوارڈز کو سیاسی اور دیگر غیر ضروری اثر و رسوخ سے مکمل طور پر آزاد بنانے کے لیے ٹھوس سفارشات مرتب کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی میں چیئرمین واپڈا سمیت کابینہ ڈویژن، پارلیمانی امور، ایف بی آر اور کامرس کے سیکرٹریز کے علاوہ پنجاب، سندھ، خیبرپختونخوا، بلوچستان، گلگت بلتستان اور آزاد جموں وکشمیر کے چیف سیکرٹریز بھی شامل ہیں۔ اس کے علاوہ نامور شخصیات سجاد قاضی اور جمال شاہ بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے۔ کمیٹی قومی شمولیت اور مساوات کو یقینی بناتے ہوئے ایوارڈز کے نظام کو غیرصوابدیدی اور زیادہ معتبر بنانے کے لیے اپنی تجاویز پیش کرے گی۔

بقیہ 13

سے متصل سرحدی پہاڑی علاقوں میں گرائے گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ افواج پاکستان اور پاک فضائیہ نے عوامی مقامات کو نشانہ بنانے کی کوشش کو پیشہ ورانہ انداز میں ناکام بنادیا۔ ذرائع کے مطابق ڈرونز کی دراندازی افغان طالبان رجیم کی جانب سے دہشتگردوں کی براہ راست معاونت اور سرپرستی کا مزید ثبوت ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق گزشتہ رات افواج پاکستان نے کرم سیکٹر میں افغان طالبان رجیم کے متعدد مورچوں اور ٹھکانوں کو اشتعال انگیز فائرنگ کے جواب میں نشانہ بنایا تھا۔ افواج پاکستان ملک اور عوام کے دفاع کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

بقیہ 14

کیا گیا اجلاس میں آج پولیو مہم کے دوسرے دن کی کارکردگی کے حوالے سے ڈی سی چمن کو تفصیلی بریفنگ دی گئی اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چمن فدا بلوچ، ڈپٹی ڈی ایچ او ڈاکٹر عبدالرشید پولیو ایم افسران اسد صافی ڈسٹرکٹ کوآرڈینیٹر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈی سی نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی بچوں کو پولیو کے قطرے ہر حال میں پلائی جائیں اور کوئی بچہ پولیو کے قطرے پینے سے محروم نہ رہ جائے انہوں نے کہا کہ پولیو ایک موذی مرض ہے جس کی تدارک صرف پولیو ویکسینیشن ہی سے ممکن ہے لہذا اپنے بچوں اور قوم کے مستقبل کے ہونہاروں کو عمر بھر کی معذوری سے بچانے کا واحد ذریعہ پولیو ویکسین ہی ہے انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے دوران علما کرام اساتذہ وقبائلی عمائدین اور تمام ذیشعور افراد انسداد پولیو مہم کے دوران پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرتے ہوئے انسانیت دوستی اور خیرخواہی کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ پولیو مہم کے دوران سیکیورٹی پر مامور افسران و اہلکاران پولیو ورکرز کے ساتھ اکٹھے رہیں اور آخر وقت اپنی ڈیوٹیاں سرانجام دیں۔

بقیہ 15

تے کنگ وادی میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے چوکی پر حملے کی بزدلانہ کوشش کی، جس پر سیکیورٹی فورسز نے فوری اور موثر کارروائی کرتے ہوئے 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا انہوں نے کہا کہ فرار ہونے والے دہشت گردوں کا سیکیورٹی فورسز نے تعاقب کیا اور کارروائی کے دوران مزید 7 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا گیا، جس کے بعد کارروائی میں ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کی مجموعی تعداد 9 ہوگئی ہے۔ معاون وزیراعلی نے کہا کہ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 موٹر سائیکلوں سمیت بھاری مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔ شدید فائرنگ کے تبادلے میں سیکیورٹی فورسز کا ایک جوان زخمی ہوا جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کردیا گیا ہے شاہد رند نے کہا کہ فتنہ الخوارج کے دہشت گرد بلوچستان کے امن واستحکام کو نقصان پہنچانے کے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہوسکتے۔ سیکیورٹی فورسز نے ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیوں سے واضح کردیا ہے کہ ریاست دشمن عناصر کے لیے بلوچستان میں کوئی محفوظ پناہ گاہ نہیں انہوں نے کہا کہ بلوچستان سے آخری دہشت گرد کے خاتمے تک سیکیورٹی فورسز کی کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ صوبے کے امن، عوام کے جان ومال کے تحفظ اور ریاستی رٹ کے قیام کے لیے ہرممکن اقدامات کیے جائیں گے۔

بقیہ 16

، بھائی چارے اور باہمی ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔ پشتون کلچر ڈے کے اس خصوصی فیسٹیول میں مختلف روایتی، ثقافتی اور تفریحی سرگرمیوں کا انعقاد کیا جائے گا، جن میں ٹیز کے روایتی مقابلے میں اچکزئی اور نورزئی قبائل کی ٹیموں کے درمیان مقابلہ، رسہ کشی، روایتی اتڑ، کلاسیکی پشتون تلوار رقص، میوزیکل شو، شاندار آتش بازی، خصوصی فنکارانہ پرفارمنس، فٹبال فائنل میچ اور دیگر ثقافتی سرگرمیاں شامل ہیں۔ فیسٹیول میں ثقافتی اسٹالز بھی قائم کیے جائیں گے، جہاں پشتون ثقافت کے روایتی لباس، دستکاری، کھانوں اور دیگر ثقافتی ورثے کو نمایاں کیا جائے گا، جبکہ اسٹیڈیم میں کتابوں کی نمائش کا بھی اہتمام کیا جائے گا تاکہ ثقافت کے ساتھ علم وادب کو بھی فروغ دیا جاسکے۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق یہ منفرد ثقافتی فیسٹیول چمن کی سرزمین پر پشتون روایات اور ثقافتی ورثے کو بھرپور انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ نوجوانوں کو مثبت اور صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے کا اہم ذریعہ ثابت ہوگا۔ ضلعی انتظامیہ چمن کی جانب سے تمام صحافیوں، میڈیا نمائندگان اور اہل علاقہ کو اس تاریخی ثقافتی پروگرام کی کوریج اور شرکت کی دعوت دی گئی تھی تاکہ پشتون ثقافت کے رنگوں، روایات اور خوبصورت اقدار کو وسیع پیمانے پر اجاگر کیا جاسکے۔

بقیہ 17

سے کی سرحدوں کی بنیاد پر قائم ہو اور القدس الشریف کو اس کا دارالحکومت بنایا جائے۔ دوریاستی حل کے حوالے سے اعلی سطحی عالمی اجلاس کی میزبانی فرانس، کینیڈا اور برطانیہ نے کی۔ اجلاس میں فرانسیسی صدر ایمانوئل میکرون، کینیڈین وزیراعظم مارک کارنی اور برطانوی وزیراعظم اینڈی برنہم کی میزبانی میں مختلف ممالک کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے افتتاحی خطاب سعودی وزیر خارجہ شہزادہ فیصل بن فرحان اور اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس نے کیے، جبکہ فلسطینی صدر محمود عباس نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں اسپین، قطر، مصر، اردن، ناروے، آئرلینڈ، فن لینڈ اور ترکیہ سمیت متعدد ممالک کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔

بقیہ 18

ری، سخاوت، جرگہ، بھائی چارہ اور بزرگوں کے احترام جیسی اعلی روایات نمایاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون قوم نے ہمیشہ اپنی روایات، زبان، ادب، ثقافت اور تہذیبی اقدار کو زندہ رکھا ہے، جبکہ پشتون ثقافت میں امن، محبت، برداشت اور انسانیت کا پیغام نمایاں طور پر موجود ہے۔ پشتون کلچر ڈے منانے کا مقصد صرف روایتی لباس اور ثقافتی رنگوں کا اظہار نہیں بلکہ اپنی تاریخ، زبان، ادب، فنون اور روایتی اقدار کو نئی نسل تک منتقل کرنا بھی ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے کہا کہ ہماری نوجوان نسل ہمارا مستقبل ہے، اسے اپنی ثقافتی شناخت اور تاریخی ورثے سے آگاہ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ جدید دور کے تقاضوں کے ساتھ آگے بڑھتے ہوئے ہمیں اپنی ثقافتی روایات اور مثبت اقدار کو بھی محفوظ رکھنا ہوگا تاکہ آنے والی نسلیں اپنے شاندار ماضی سے جڑی رہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت اپنی خوبصورتی اور منفرد روایات کے باعث نہ صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر میں ایک الگ شناخت رکھتی ہے۔ پشتون معاشرے کی روایتی اقدار میں مہمان نوازی، وعدے کی پاسداری، بزرگوں کا احترام اور مشکل وقت میں ایک دوسرے کا ساتھ دینا شامل ہے، جو معاشرے میں اتحاد اور بھائی چارے کو فروغ دیتے ہیں۔ انہوں نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافت کو فخر کے ساتھ اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے۔ پاکستان مختلف زبانوں، ثقافتوں اور روایات کا حسین گلدستہ ہے، اور تمام ثقافتوں کا باہمی احترام قومی یکجہتی، امن اور بھائی چارے کے فروغ میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ سینیٹر شیخ بلال احمد خان مندوخیل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پشتون نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور جدید ٹیکنالوجی کے میدان میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ ان کی ثقافتی اور تاریخی شناخت کو بھی مضبوط بنایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت کا پیغام امن، محبت، رواداری اور بھائی چارے کا پیغام ہے، جسے دنیا تک موثر انداز میں پہنچانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ 19

ہی ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ دہی کی فروخت اور سپلائی کے خلاف کارروائیاں مزید تیز کی جا رہی ہیں، عوام کو محفوظ خوراک کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر فوری ٹیسٹنگ سے ملاوٹ کی نشاندہی اور فوری ایکشن جاری رہے گا۔ ڈی جی بلوچستان فوڈ اتھارٹی حبیب اللہ خان نے مزید کہا کہ دودھ کی سپلائی وترسیل کے تمام مراحل، ملک شاپس اور مشتبہ مقامات کی مسلسل نگرانی جاری رہے گی اور عوام تک محفوظ ومعیاری خوراک کی رسائی یقینی بنانے کیلئے فیلڈ کارروائیوں کا سلسلہ مزید موثر بنایا جائے گا۔ اتھارٹی کی تازہ ترین کارروائیوں کے دوران ایئرپورٹ روڈ، پوت گلی چوک، جدون روڈ، جان محمد روڈ اور ملحقہ علاقوں میں بی ایف اے ٹیموں نے اسپاٹ چیکنگ اور خصوصی کارروائیوں کے دوران دودھ بردار گاڑیوں، ملک شاپس، گھروں اور دیگر مشتبہ مقامات کی چیکنگ کی، جبکہ اسکمڈ ملک پاؤڈر کی ذخیرہ اندوزی اور استعمال کے حوالے سے بھی نگرانی کی گئی۔ کارروائیوں کے دوران موبائل لیبارٹریز کے ذریعے مجموعی طور پر 10,650 لیٹر دودھ اور سینکڑوں کلو دہی کی موقع پر جانچ کی گئی، جبکہ 120 کلو ملاوٹی و غیر صحت بخش دہی تلف کر دیا گیا۔ ایئرپورٹ روڈ پر 4 دودھ کی دکانوں کو دہی میں اسکمڈ ملک پاؤڈر کی موجودگی پر جرمانے کیے گئے، جبکہ ایک دودھ سپلائر کو ناقص حفظان صحت کے باعث جرمانہ کیا گیا۔ پوت گلی چوک پر 5 دودھ بردار گاڑیوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے کیے گئے۔ موبائل لیبارٹری ٹیسٹ کے دوران بعض نمونوں میں 13 فیصد تک پانی کی ملاوٹ سامنے آئی۔ اسی طرح جدون روڈ، جان محمد روڈ اور ملحقہ علاقوں میں 2 دودھ یونٹس کو سیل کیا گیا، جبکہ ایک یونٹ میں موبائل لیبارٹری کے ذریعے دودھ میں 30 فیصد پانی کی ملاوٹ کی نشاندہی ہوئی۔ دوران انسپکشن ایک ٹمکو مینوفیکچرنگ یونٹ بھی سیل کیا گیا، جہاں لائسنس، رجسٹریشن، اسٹوریج، صفائی، پیسٹ مینجمنٹ اور پروسیسنگ سے متعلق متعدد خلاف ورزیاں پائی گئیں۔

بقیہ 20

ن عبدالرؤف مینگل اور محمد یاسر پرکانی کی شہادت ایک انتہائی افسوسناک اور دلخراش واقعہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی کے ایک مخصوص علاقے میں پولیس اہلکاروں کو مسلسل نشانہ بنانا انتہائی تشویشناک امر ہے۔ پولیس اہلکار عوام کے جان ومال کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں انجام دے رہے ہیں، انہیں اس انداز میں نشانہ بنایا جانا امن وامان کی صورتحال پر سنجیدہ سوالات اٹھاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اس دلخراش واقعے کو معمول کا واقعہ سمجھنے کے بجائے اس کے پس پردہ عناصر تک پہنچنے کے لیے فوری اور موثر کارروائی کرے۔ قاتلوں اور سہولت کاروں کی گرفتاری کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں اور عوام کو تحفظ کا احساس دلایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نوشکی کے عوام مزید بے یقینی اور خوف کی کیفیت برداشت نہیں کرسکتے۔ حکومت اور متعلقہ ادارے امن وامان کی بہتری کے لیے واضح، عملی اور نتیجہ خیز اقدامات کریں تاکہ شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں کی جان ومال محفوظ ہوسکے۔

بقیہ 21

ین سروس فوری طور پر بحال کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اوستا محمد، جیکب آباد اور گڑھی خیرو کے درمیان ریلوے سفری سہولت کی عدم دستیابی کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ٹرین سروس علاقے کے عوام کے لیے سستا، محفوظ اور آرام دہ سفری ذریعہ تھی، تاہم طویل عرصے سے سروس بند ہونے کے باعث مسافروں کو دیگر ذرائع نقل وحمل پر انحصار کرنا پڑ رہا ہے عوامی حلقوں نے حکومت پاکستان وفاقی وزیر ریلوے سے مطالبہ کیا کہ جیکب آباد، اوستا محمد اور گڑھی خیرو کے درمیان ٹرین سروس بحال کی جائے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں اور علاقے کے عوام کی مشکلات کم ہوں۔

بقیہ 22

رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ ثقافتی دن منانے کا مقصد اپنی تہذیب، روایات اور اقدار کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو اپنے شاندار ثقافتی ورثے سے روشناس کرانا ہے۔ انجینئر محمد صادق خان سنجرانی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتون عوام کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان مختلف ثقافتوں، زبانوں اور روایات کا حسین امتزاج ہے۔ ملک کی تمام ثقافتیں باہمی احترام، رواداری، امن، بھائی چارے اور قومی یکجہتی کا خوبصورت مظہر ہیں انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان میں موجود تمام ثقافتوں اور روایات کا احترام کرتے ہوئے قومی اتحاد، امن اور بھائی چارے کے فروغ کے لیے اپنا کردار جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 23

اور خوشحالی میں ہمیشہ اہم کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا گہوارہ ہے، جبکہ صوبے کی تمام اقوام اور ثقافتیں بلوچستان کی خوبصورتی اور اجتماعی شناخت کا حصہ ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ثقافتی روایات اور ورثے کا تحفظ نئی نسل کی اپنی شناخت سے وابستگی کو مضبوط بناتا ہے۔ پشتون کلچر ڈے باہمی احترام، رواداری، امن اور بھائی چارے کے فروغ کا پیغام دیتا ہے۔ میر ظہور احمد بلیدی نے کہا کہ ہمیں اپنی ثقافتی روایات کے ساتھ ساتھ دیگر اقوام اور ثقافتوں کا بھی احترام کرنا چاہیے۔ انہوں نے کلچر ڈے کے موقع پر پشتون بھائیوں اور بہنوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 24

بار ایسوسی ایشن کے صدر رانا ثاقب منیر اور جنرل سیکرٹری فاروق گجر کی قیادت میں ملاقات کرنے والے عہدیداران کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممبر آپریشنز ایف بی آر، چیف ڈومین پی آر اے ایل (پرال)، لاہور کے چیف کمشنرز ایل ٹی او، سی ٹی او، آر ٹی او ون اور آر ٹی او ٹو سمیت دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران ٹیکس دہندگان، ٹیکس پریکٹیشنرز اور ایف بی آر کے فیلڈ فارمیشنز سے متعلق مختلف امور پر

بقیہ 01

تحت معاشی پالیسیاں تشکیل دیکر تمام ملک مشکلات سے نجات حاصل کر سکتے ہیں انہوں نے کہا کہ معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے جس کے باعث ملک کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہی ہے۔ استحصالی نظام اور جبر و استبداد سے نجات کے لیے جدوجہد ناگزیر ہو چکا ہے بدامنی، کمر توڑ مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات پر تقاشہ لیوی کے علاوہ پٹرولیم مصنوعات دو روپیہ سستا اور روزانہ 5 سے 10 روپیہ اضافہ اور بدامنی کی حالات میں مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی ہوشربا اضافہ نے عوام کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کر دیا ہے۔ حکومت بدامنی و مہنگائی کی ستائی عوام پر پیٹرولیم مصنوعات پیٹرول اور ڈیزل پر 106 لیوی ڈال رہی ہے انہوں نے کہا کہ ملک آج جس بدامنی، مہنگائی اور معاشی بحران اور مسائل کا سامنا کر رہی ہے پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھا ہے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کا براہ راست اثر ٹرانسپورٹ، اشیائے خورد و نوش اور روزمرہ کی دیگر ضروریات پر پڑ چکی ہے جس سے غریب اور متوسط طبقہ متاثر ہو رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی معیشت کا ہر پہلو جمود کا شکار ہو چکا ہے۔ معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے جس کے باعث ملک کے مستقبل بحران کی کیفیت سے دوچار ہو رہی ہے۔ استحصالی نظام اور جبر و استبداد سے نجات کے لیے جدوجہد ناگزیر ہو چکا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں عام عوام اور تاجر کی جان و مال غیر محفوظ ہے۔ عدم تحفظ سے ٹرانسپورٹ تجارت آزادانہ نقل و حرکت مسلسل متاثر ہو رہی ہے۔ سرحدی تجارت کی بندش، وسائل پر اختیار اور چیک پوسٹوں کے مسائل سے عوام اذیت کا سامنا کر رہی ہے وفاق نے بلوچستان سے سوتیلی ماں جیسا سلوک رکھا گیا ترقی سے بلوچستان کو محروم رکھا گیا سلیکٹڈ حکومت میں آزادانہ اور خودمختار معاشی پالیسیوں کی صلاحیت نہیں رہا جس سے بلوچستان بدامنی سنگین اقتصادی و معاشی مسائل کا شکار ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی عدم سنجیدگی سے بلوچستان میں بدامنی کی آگ جل رہی ہیں بلوچستان نو گو ایریا بن چکے ہیں پورے صوبے میں کہیں بھی حکومت کی رٹ دکھائی نہیں دیتی۔ عوام کی عزتیں مال و جان سب کچھ داؤ پر لگ چکی ہے ملک میں امن نہیں بدامنی اور دہشت گردی واقعات روز قتل و غارت گری معمول بن گیا ہے۔

بقیہ 02

کے نمائندوں نے شرکت کی اجلاس میں سوشل میڈیا پر گردش کرنے والی بعض طبی شکایات اور حالیہ کیسز کا بھی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ طبی حکام نے دستیاب میڈیکل ریکارڈ اور دستاویزات کی بنیاد پر کیسز کی تفصیلات اجلاس میں پیش کیں اور واضح کیا کہ مریضوں کے علاج معالجے میں مقررہ طبی پروٹوکولز اور طریقہ کار پر عملدرآمد کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ صحت کے شعبے سے متعلق کسی بھی معاملے میں مستند ریکارڈ اور حقائق کو سامنے لایا جائے اور سوشل میڈیا پر غیر مصدقہ اطلاعات کے بجائے دستاویزی شواہد کی بنیاد پر صورتحال واضح کی جائے ڈپٹی کمشنر نے واضح کیا کہ غیر حاضر ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف اور دیگر ملازمین کے خلاف حکومتی قواعد و ضوابط کے مطابق سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مسلسل اور بلاجواز غیر حاضری کی صورت میں قواعد کے تحت تنخواہوں کی بندش اور ملازمت سے برطرفی سمیت دیگر تادیبی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے فیلڈ افسران کو ہدایت کی کہ اس حوالے سے کسی قسم کے غیر ضروری دباؤ کو قبول کیے بغیر شفاف نگرانی اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے اجلاس میں طبی آلات کو مؤثر انداز میں استعمال میں لانے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ ایسے آلات جو ماہر عملے کی عدم دستیابی کے باعث غیر فعال ہیں، انہیں ضرورت کے مطابق فعال مراکز اور متعلقہ شعبوں میں منتقل کر کے عوامی مفاد میں استعمال کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اجلاس میں جاری پولیو مہم، ویکسینیشن اور دیگر انسداد امراض سرگرمیوں کا بھی جائزہ لیا گیا اور متعلقہ حکام کو مہم کے اہداف اور تمام انتظامی امور بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی

بقیہ 03

رثے کا حصہ ہیں، نئی نسل کو اپنی ثقافت اور روایات سے روشناس کرانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون کلچر ڈے نہ صرف پشتون ثقافت اور روایات کو اجاگر کرنے کا دن ہے بلکہ تمام اقوام کے درمیان باہمی احترام، بھائی چارے، اتحاد اور ہم آہنگی کے فروغ کا بھی پیغام دیتا ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ بلوچستان مختلف اقوام، زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، یہاں آباد تمام اقوام کی ثقافتیں صوبے کی خوبصورتی، پہچان اور اجتماعی تشخص کا اہم حصہ ہیں۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون بھائیوں کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 04

بلز جنگلات اسد اللہ، گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کے پرنسپل، گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول جدید سمیت دیگر تعلیمی اداروں کے سربراہان شامل تھے کے افسران سے ملاقاتیں کیں اور پروگرام کے انتظامات، شجرکاری، طلبہ کی شرکت، پھولوں کی نمائش اور دیگر ضروری امور پر تبادلہ خیال کیا اس موقع پر تعلیمی اداروں اور متعلقہ محکموں کے تعاون سے مہم کو مؤثر انداز میں منعقد کرنے اور گوادر میں شجرکاری، ماحولیاتی تحفظ اور شہر کی خوبصورتی کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے پر بھی گفتگو کی گئی۔

بقیہ 05

کے دوران منشیات کے استعمال اور فروخت کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات اٹھانے منشیات فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کرنے اور نوجوان نسل کو اس لعنت سے محفوظ رکھنے کے لیے متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری یقینی بنانے پر زور دیا گیا ڈپٹی کمشنر نے نان کسٹم پیڈ گاڑیوں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی افغان مہاجرین سے متعلق امور کی مؤثر نگرانی اور متعلقہ ریکارڈ کو باقاعدہ رکھنے کی بھی ہدایات جاری کیں اسی طرح ضلع بھر میں غیر معیاری کھاد بیج اور زرعی ادویات کی فروخت کی روک تھام، ان کے معیار کی جانچ اور مقررہ نرخوں پر دستیابی یقینی بنانے کے لیے متعلقہ افسران کو مارکیٹوں کے باقاعدہ معائنے اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی ہدایت کی گئی اجلاس میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال استامحمد کے سیکیورٹی انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال میں مریضوں ڈاکٹروں طبی عملے اور دیگر شہریوں کے تحفظ کے لیے سیکیورٹی انتظامات مزید مؤثر بنانے اور کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے نمٹنے کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے ناجائز تجاوزات کے خاتمے شہر کی صفائی اور ٹریفک نظام کی بہتری کے لیے متعلقہ محکموں کو مربوط کارروائی کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو آمدورفت میں درپیش مشکلات کے خاتمے کے لیے سڑکوں، بازاروں اور اہم شاہراہوں پر ٹریفک کی روانی برقرار رکھی جائیا جلاس میں بجلی کی چوری کی روک تھام کے حوالے سے بھی تفصیلی غور کیا گیا اور متعلقہ حکام کو بجلی چوری میں ملوث عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کرنے کی ہدایت کی گئی۔ اسی طرح بھیک مانگنے کی آڑ میں شہریوں سے چوری اور دیگر جرائم میں ملوث افراد کے خلاف بھی مؤثر کارروائی کرنے اور عوامی مقامات پر نگرانی کا نظام بہتر بنانے پر زور دیا گیا اجلاس میں غیر رجسٹرڈ پیٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے انہیں سیل کرنے اور جرمانے عائد کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام پیٹرول پمپس کی رجسٹریشن اور قانونی حیثیت کی جانچ کی جائے جبکہ شہریوں کو مقررہ سرکاری نرخوں پر پیٹرول کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور زائد نرخ وصول کرنے والے پمپس کے خلاف کارروائی کی جائیانہوں نے مدارس کی رجسٹریشن کے حوالے سے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ مدارس کی منتظمین سے رابطہ کر کے انہیں مقررہ قانونی طریقہ کار کے تحت رجسٹرڈ کیا جائے اور اس سلسلے میں تمام ضروری امور کو باہمی مشاورت سے مکمل کیا جائیا جلاس میں ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے دفاتر کو ضلع استامحمد منتقل کرنے کے معاملے پر بھی تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ مقامی شہریوں کو متعلقہ سرکاری خدمات کے حصول کے لیے دیگر اضلاع کا رخ نہ کرنا پڑے اور انہیں اپنے ضلع میں ہی سہولیات میسر آسکیں ڈپٹی کمشنر نے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ PHE محکمہ کے افسران کو ہدایت کی کہ ضلع میں التوا کا شکار واٹر پلانٹس کی بحالی کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں اور غیر فعال واٹر سپلائی منصوبوں کو فعال بنا کر شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائیاس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد رمضان پلال نے کہا کہ تمام سرکاری ادارے اپنے فرائض ذمہ داری اور باہمی رابطہ کاری کے ساتھ انجام دیں عوامی مسائل کے حل کو اولین ترجیح دی جائے اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو اجلاس میں کیے گئے فیصلوں اور جاری کردہ ہدایات پر مؤثر عملدرآمد یقینی بنانے اور پیش رفت سے ضلعی انتظامیہ کو باقاعدگی سے آگاہ کرنے کی ہدایت بھی کی

بقیہ 06

تعلیم و تربیت (TVET) سیکٹر کو عالمی معیار کے مطابق ڈھالنا، فنی تربیت و تکنیکی تعلیم کے معیار کو بہتر بنانا اور بلوچستان کے ہنرمند نوجوانوں کے لیے بین الاقوامی سطح پر، بالخصوص جرمنی میں، روزگار کے مواقع پیدا کرنا تھا۔ ملاقات کے دوران ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون نے فنی و تکنیکی تربیت کے شعبے میں جرمن حکومت کی دیرینہ امداد اور GIZ جیسے ترقیاتی اداروں کے تاریخی کردار پر گہرے تشکر کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ نصاب کو جدید بنانے، ادارہ جاتی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط کرنے اور ڈوئل ووکیشنل ٹریننگ سسٹم کو متعارف کرانے میں جرمنی کے مسلسل تعاون نے صوبے بھر کے ہزاروں نوجوانوں کو پائیدار فنی مہارتوں کے ساتھ بااختیار بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ اس موقع پر جرمن سفیر نے صوبے میں پیشہ ورانہ تعلیم و تربیت کے فروغ اور جدید ترین ٹیکنالوجیز کو شامل کرنے پر تفصیلی گفتگو کی۔ انہوں نے بی ٹیوٹا کو فنی مہارتوں کی ترقی اور بلوچستان کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کے لیے جرمنی کے مسلسل تعاون اور پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ ایم ڈی بی ٹیوٹا عبدالکبیر خان زرکون نے جرمن سفیر اور انکے وفد کو بلوچستان کی وسیع معاشی صلاحیتوں اور ان اہم تکنیکی شعبوں کے بارے میں بریفنگ دی جہاں خصوصی ہنر کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے ریکوڈک اور سینڈک جیسے میگا پروجیکٹس کے تناظر میں جدید مائننگ اور منرل پروسیسنگ ٹیکنالوجیز، گوادر پورٹ سے منسلک میرین انجینئرنگ اور بلیو اکانومی، شمسی و بادی توانائی (سولر اینڈ ونڈ انرجی) کے سسٹمز، جدید زراعت و تحفظ آب کی تکنیکس، اور ڈیجیٹل آئی ٹی اسکلز پر بی ٹیوٹا کی توجہ کو اجاگر کیا۔ اس کے علاوہ بی ٹیوٹا کے ماسٹر ٹرینرز اور انسٹرکٹرز کی صلاحیتوں میں اضافے کے پروگراموں اور سند یافتہ ہنرمند نوجوانوں کو جرمن انڈسٹریل مارکیٹ میں براہ راست ملازمت کے مواقع فراہم کرنے کے لیے باقاعدہ فریم ورک قائم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس اہم اجلاس میں ڈائریکٹر بی ٹیوٹا غلام مصطفیٰ رئیسانی اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر تیمور ظفر نے بھی شرکت کی اور پیشہ ورانہ تعلیم کو مزید مضبوط بنانے اور صوبائی تربیتی پروگراموں کو بین الاقوامی صنعتی معیار کے مطابق بنانے کے لیے مفید تجاویز پیش کیں۔

بقیہ 07

گریجویشن و اعزازی تقریب کا انعقاد کیا، جس کا مقصد WIDA اقدام کی کامیاب تکمیل کا جشن منانا اور گریجویٹس کی محنت، سیکھنے کے عمل اور شہری و جمہوری سرگرمیوں میں ان کی شمولیت کو سراہنا تھا۔ تقریب کا آغاز شرکاء اور معزز مہمانوں کے تعارف سے ہوا، جس کے بعد WIDA اقدام اور اس کی کامیابیوں کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر خواتین کے لیے ایسے مواقع پیدا کرنے کی اہمیت پر زور دیا گیا جہاں وہ علم، اعتماد، قائدانہ صلاحیتیں اور سیاسی و جمہوری عمل کی بہتر سمجھ بوجھ حاصل کر سکیں۔ WIDA کی گریجویٹس محترمہ جان بی بی اقبال، محترمہ ندا اور محترمہ یسریٰ آفریدی نے اپنے تجربات بیان کرتے ہوئے کہا کہ WIDA پلیٹ فارم نے ان کے اعتماد میں اضافہ کیا اور شہری و سیاسی معاملات میں شرکت سے متعلق ان کی سمجھ بوجھ کو بہتر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے خواتین کو سیکھنے، خیالات کے تبادلے، کمیونٹی کے مسائل پر گفتگو اور فیصلہ سازی کے عمل میں اپنی آواز کی اہمیت کو سمجھنے کے مواقع میسر آئے۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے اسٹیک ہولڈرز، منتخب نمائندگان، سول سوسائٹی کے کارکنان، نوجوان، خواتین و مرد سیاسی رہنما اور کمیونٹی نمائندگان نے شرکت کی۔ مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ خواتین کی قیادت کو تسلیم کرنا صرف انفرادی کامیابی کا اعتراف نہیں بلکہ نچلی سطح کے اقدامات اور باضابطہ سیاسی و حکومتی ڈھانچوں کے درمیان روابط مضبوط بنانے کا بھی اہم ذریعہ ہے۔ سیاسی و شہری شعبے سے وابستہ شرکاء نے جمہوری عمل میں خواتین اور نوجوانوں کی شمولیت کی اہمیت پر بھی اظہار خیال کیا۔ محترمہ سعیدہ نے خواتین کے لیے سیاسی اور عوامی امور میں شرکت کے مواقع پیدا کرنے کی ضرورت پر زور دیا، جبکہ عاصم سعید خان نے خواتین کے حقوق، نمائندگی اور جمہوری عمل تک رسائی کے حوالے سے قانونی و شہری نقطہ نظر پیش کیا۔ جناب منظور احمد اور جناب علی احمد نے شہریوں کی شمولیت اور جامع شرکت کو مضبوط بنانے کی اہمیت اجاگر کی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ خواتین اور نوجوانوں کو فیصلہ سازی، شہری سرگرمیوں اور جمہوری عمل میں مؤثر کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرنا ضروری ہے۔ اس حوالے سے WIDA جیسے نچلی سطح کے پلیٹ فارم خواتین کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے، کمیونٹی مسائل پر آواز بلند کرنے اور قیادت کی عملی تربیت حاصل کرنے کے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ تقریب میں نوجوانوں کی شرکت کو بھی اہم قرار دیا گیا، جس سے بین النسلی مکالمے اور خیالات کے تبادلے کو فروغ ملا۔ نوجوان خواتین و مردوں نے خواتین کی قیادت، سیاسی شرکت اور جمہوری حکمرانی سے متعلق گفتگو میں حصہ لیا، جبکہ گریجویٹس نے اپنے عملی تجربات کے ذریعے خواتین کو درپیش چیلنجز اور ان کی مسلسل شرکت کے لیے رہنمائی، نیٹ ورکنگ اور ادارہ جاتی روابط کی ضرورت کو اجاگر کیا۔ تقریب کے اختتام پر WIDA گریجویٹس کو اسناد اور اعزازات سے نوازا گیا۔ شرکاء نے اس امر کا اظہار کیا کہ WIDA اقدام خواتین کی قیادت، شہری شمولیت اور جمہوری عمل میں ان کی شرکت کے فروغ کے لیے ایک اہم پلیٹ فارم ثابت ہوا ہے۔ تقریب نے بلوچستان میں خواتین کی سیاسی و شہری شرکت کے حوالے سے مکالمے کو آگے بڑھانے کے ساتھ ساتھ مختلف اسٹیک ہولڈرز کے درمیان مستقبل میں تعاون اور روابط کے مزید مواقع بھی فراہم کیے۔

بقیہ 08

کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین ملک عبدالغفار مندوخیل، صدر میر عبدالسلام لانگو، جنرل سیکرٹری ملک مجیب مہترزئی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری صلاح الدین کبزئی، سینئر نائب صدر حاجی محمد ابراہیم اچکزئی، رابطہ سیکرٹری ساتھ میر سلیم بنگلزئی، قلات کے صدر میر وحید لانگو نے الگ الگ ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے دوران آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی بلوچستان بھر کے ٹھیکیداروں کو درپیش مسائل سے تفصیلی طور پر آگاہ کیا۔ وفد نے صوبائی وزرا کو بتایا کہ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے بلوچستان کے تمام اضلاع اور ڈویژن کی کابینہ تشکیل دیدی گئی ہے اور 3 اکتوبر کو کوئٹہ میں تقریب حلف برداری میں ایسوسی ایشن کے مرکزی اور ضلعی عہدیداران اپنے عہدوں کا حلف اٹھائیں گے۔ صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی نے آل بلوچستان کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے وفد کے مسائل غور سے سنے اور انہیں حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے عہدیداروں نے صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی کو ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کی تقریب حلف برداری میں شرکت کے دعوت نامے دیے صوبائی وزرا اور ارکان اسمبلی نے تقریب حلف برداری میں شرکت کی یقین دہانی بھی کرائی۔

بقیہ 09

، ڈائریکٹر فنانس شاہ بیگ سید، ڈائریکٹر پبلک ریلیشنز اعجاز احمد اور فیکلٹی ممبران کے ہمراہ وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ استقبالیہ خطاب کے دوران ڈاکٹر کمال احمد اور ڈاکٹر مظفر حسین نے وفد کو شعبہ قانون کے قیام کے مقاصد، تعلیمی پیش رفت، بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور فارغ التحصیل طلبہ کی کامیابیوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق دورے کے دوران وفد نے لائبریری، کمپیوٹر لیبز، کلاس رومز، امتحانی ہال، موٹ کورٹ، ڈیجیٹل لائبریری، فیکلٹی آفسز، گرلز کامن روم، پریئر ایریا، اور کینٹین سمیت شعبے کے مکمل انفراسٹرکچر کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر طلبہ کے لرننگ آؤٹ کم، فیکلٹی کی تعلیمی و تدریسی اہلیت، نصاب، امتحانی نظام اور داخلوں کے طریقہ کار کا جائزہ لینے کے علاوہ وفد نے پاکستان بار کونسل کی جانب سے جاری کردہ لازمی قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کا بھی بغور مشاہدہ کیا، جسے مجموعی طور پر اطمینان بخش قرار دیا گیا۔ اس موقع پر وفد نے مستقبل میں مزید بہتری کے لیے پاکستان بار کونسل کی جانب سے ہر ممکن تعاون اور رہنمائی فراہم کرنے کا یقین بھی دلایا۔ اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے ایڈووکیٹ منیر احمد خان کاکڑ نے کہا کہ انہیں یہ دیکھ کر خوشی محسوس ہوتی ہے کہ جامعہ تربت کے شعبہ قانون کے گریجویٹس پاکستان بھر کے مختلف اداروں میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، جبکہ مکران کے علاوہ کوئٹہ، پشین اور خضدار سمیت بلوچستان اور پاکستان کے دیگر اضلاع سے بھی تعلق رکھنے والے طلبہ و طالبات جامعہ تربت کے شعبہ قانون اور دیگر تعلیمی شعبہ جات میں زیر تعلیم ہیں، جو ادارے کی معیاری تعلیم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے ملک کے اس دور افتادہ علاقے میں قانون سمیت مختلف تعلیمی شعبہ جات میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن کی قیادت میں یونیورسٹی انتظامیہ اور فیکلٹی ممبران کی کاوشوں کو قابل ستائش قرار دیا۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے وفد کو یقین دلایا کہ جامعہ تربت قانون کی تعلیم کے معیار کو مزید بلند کرنے کے لیے ہر ممکن اقدام اٹھانے کے لئے پرعزم ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان بار کونسل جیسے مستند ادارے کے نمائندے کی جانب سے ملنے والی پذیرائی مجموعی طور پر جامعہ تربت اور خصوصی طور پر شعبہ قانون کی ساکھ و معیار کو مزید بلند کرنے میں معاون ثابت ہوگی۔ جامعہ تربت کے شعبہ قانون کا دورہ کرنے پر پرو وائس چانسلر نے وفد کا شکریہ ادا کیا۔ دورے کے اختتام پر پرو وائس چانسلر نے وائس چانسلر کی جانب سے مہمانوں کو یونیورسٹی کا یادگاری شیلڈ پیش کیا۔

بقیہ 10

ب میں خوشی کی لہر دوڑ گئی۔ جانان بزنجو کے اہل خانہ نے ان کی بازیابی کے لیے آواز اٹھانے، رابطے کرنے اور مختلف سطحوں پر کردار ادا کرنے والے تمام علاقائی و قبائلی عمائدین، سیاسی و سماجی شخصیات، علما، تاجر برادری، میڈیا نمائندگان اور دیگر تمام طبقہ ہائے فکر کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا ہے۔ اہل خانہ کا کہنا ہے کہ مشکل وقت میں جن افراد نے جانان بزنجو کی بحفاظت بازیابی کے لیے خلوص کے ساتھ ہر ممکن کوشش کی اور خاندان کے ساتھ کھڑے رہے، وہ سب کے بے حد مشکور ہیں۔ خاندان نے تمام معاونین کی ہمدردی، تعاون اور خلوص کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 11

نمائش کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد فنون لطیفہ کے مؤثر اور تخلیقی ذرائع کے ذریعے بلوچستان میں پانی کے انتظام، زراعت، لائیو سٹاک اور رینج لینڈز سے متعلق عوامی شعور اور آگاہی کو فروغ دینا ہے۔ یہ تقریب آگاہی بڑھانے اور نالج مینجمنٹ پراجیکٹ کے تحت منعقد کی گئی، جسے یورپی یونین (EU) نے ریوائیول آف بلوچستان واٹر ریسورسز پروگرام (RBWRP) کے تحت مالی معاونت فراہم کی ہے، جبکہ منصوبے پر BUITEMS نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے خوراک و زراعت (FAO) پاکستان کے تعاون سے عملدرآمد کیا۔ تقریب میں وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر حفیظ خالد، پرو وائس چانسلر میر دوستین کاسی، رجسٹرار بیوٹمز جمال مصطفیٰ، ڈائریکٹر کیوٹیکیشن سید دارا شکوہ امیر، ڈائریکٹر آئی سی آر ایم ایس اینڈ کوالٹی ڈاکٹر زاہد رؤف اور ٹیم لیڈ پروفیسر ڈاکٹر جان محمد سمیت یونیورسٹی کے اساتذہ، طلبہ اور دیگر متعلقہ افراد نے شرکت کی۔ نمائش میں طلبہ اور نوجوان فنکاروں کی جانب سے بلوچستان کے منفرد جغرافیائی، ماحولیاتی اور زرعی حالات کو موضوع بناتے ہوئے مختلف تصاویر، خاکے اور پینٹنگز پیش کی گئیں۔ فن پاروں کے ذریعے صوبے میں پانی کی اہمیت، محدود آبی وسائل، پانی کے مؤثر اور ذمہ دارانہ استعمال، زرعی سرگرمیوں، لائیو سٹاک، قدرتی چراگاہوں اور ماحول کے تحفظ جیسے اہم موضوعات کو اجاگر کیا گیا۔ اس موقع پر مقررین نے کہا کہ بلوچستان میں پانی ایک انتہائی اہم قدرتی وسیلہ ہے اور صوبے کی زراعت، لائیو سٹاک، معیشت اور ماحولیاتی توازن کا براہ راست انحصار پانی کے مؤثر انتظام اور دستیابی پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پانی کے محدود وسائل کے تحفظ اور ان کے پائیدار استعمال کے لیے جدید علم، تحقیق، بہتر منصوبہ بندی اور عوامی آگاہی کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل کو پانی کے تحفظ، قدرتی وسائل کے ذمہ دارانہ استعمال اور ماحول دوست اقدامات کے حوالے سے آگاہ کرنا مستقبل کی پائیدار ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔ اس مقصد کے لیے فوٹوگرافی، خاکہ نگاری اور پینٹنگ جیسے تخلیقی ذرائع نہ صرف نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں بلکہ پیچیدہ ماحولیاتی اور سماجی مسائل کو عام فہم انداز میں عوام تک پہنچانے میں بھی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ نمائش میں پیش کیے گئے فن پاروں نے بلوچستان کے آبی وسائل، زراعت، لائیو سٹاک اور رینج لینڈز کی اہمیت کو منفرد اور مؤثر بصری انداز میں اجاگر کیا۔ شرکاء نے طلبہ اور نوجوان فنکاروں کی تخلیقی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کی سرگرمیاں نوجوانوں کو تحقیق، تخلیق اور معاشرتی و ماحولیاتی مسائل کے حل کے لیے مثبت کردار ادا کرنے کے مواقع فراہم کرتی ہیں۔ تقریب کے منتظمین کے مطابق آگاہی بڑھانے اور نالج مینجمنٹ پراجیکٹ کے تحت اس سرگرمی کا بنیادی مقصد بلوچستان کے آبی و قدرتی وسائل سے متعلق معلومات کو مؤثر انداز میں عام کرنا، متعلقہ شعبوں میں شعور اجاگر کرنا اور نوجوانوں کو صوبے کے اہم ماحولیاتی و معاشی مسائل سے جوڑنا ہے۔ تقریب کے اختتام پر نمایاں کارکردگی دکھانے والے طلبا میں وائس چانسلر بیوٹمز پروفیسر ڈاکٹر حفیظ خالد نے اسناد تقسیم کیے۔

بقیہ 12

ٹیمیں تشکیل دے کر تمام امور کا جلد جائزہ مکمل کیا جائے اور تفصیلی رپورٹ مرتب کر کے پیش کی جائے۔ انہوں نے ریکارڈ کی جانچ پڑتال اور متعلقہ امور کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی بھی ہدایت کی۔

بقیہ 13

اپنی تقریر کا آغاز ایران میں ہونے والے حالیہ حملوں اور ان کے نتیجے میں شہریوں کی ہلاکتوں کا ذکر کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ امریکی صدر نے ایران کو دہشت گرد قرار دیا

بقیہ 14

کہا کہ پشتون ثقافت کا اپنا رنگ ہے اور اس کے طور طریقوں میں محبت، بھائی چارہ، انکساری اور رواداری کا درس ملتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارت ہے۔ ہماری ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے

بقیہ 15

کے حل، شہری سہولیات کی بہتری، امن و امان کی صورتحال اور مختلف سرکاری محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ و تعاون کے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI فیز ون، فیز ٹو اور فیز تھری کے تحت جاری، مکمل شدہ اور زیر تکمیل ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ متعلقہ افسران نے ڈپٹی کمشنر کو منصوبوں کی موجودہ صورتحال، کام کی رفتار، معیار، تکمیل کی مدت، درپیش رکاوٹوں اور مستقبل کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ تمام ترقیاتی منصوبوں پر کام کی رفتار کو مزید تیز کیا جائے

بقیہ 16

کے نیوز ایڈیٹر اور سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید عابد بخاری ایک باکردار، ذمہ دار، شریف النفس، مخلص اور نفیس انسان ہونے کے ساتھ ساتھ صحافت کے میدان میں اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، دیانت داری اور ذمہ دارانہ صحافتی خدمات کے باعث ایک نمایاں مقام رکھتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم سید عابد بخاری نے طویل عرصے تک صحافت کے شعبے سے وابستہ رہ کر نہ صرف صحافتی ذمہ داریاں احسن انداز میں انجام دیں بلکہ اپنے شائستہ مزاج، خوش اخلاقی، متوازن طرز گفتگو اور پیشہ ورانہ رویے کے باعث صحافتی حلقوں میں قدر و احترام کی نگاہ سے دیکھے جاتے تھے۔ ان کی اچانک وفات سے صحافتی برادری ایک مخلص، باصلاحیت اور ذمہ دار ساتھی سے محروم ہو گئی ہے، جبکہ ان کی جدائی اخباری و صحافتی حلقوں کے لیے ایک بڑا اور ناقابل تلافی نقصان ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی صحافتی خدمات اور ان کی شخصیت کے مثبت پہلو دیر تک یاد رکھے جائیں گے۔ ان کے انتقال سے پیدا ہونے والا خلا بلاشبہ آسانی سے پر نہیں ہو سکے گا۔ جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ اس غم کی گھڑی میں مرحوم کے اہل خانہ، عزیز و اقارب اور تمام پسماندگان کے ساتھ دلی ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کرتی ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم سید عابد بخاری کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، ان کی مغفرت فرمائے، درجات بلند فرمائے اور اہل خانہ و پسماندگان کو یہ صدمہ صبر و حوصلے کے ساتھ برداشت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

بقیہ 17

متعلق اہم تعلیمی امور اور مجوزہ نصابی اصلاحات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی صدارت جامعہ گوادر کے ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز، پروفیسر ڈاکٹر جان محمد نے کی۔ شعبہ معاشیات کی چیئرپرسن محترمہ شمع سلیمان نے مختلف تعلیمی امور پر ہونے والی گفتگو کی قیادت کی۔ اجلاس میں بی ایس معاشیات پروگرام کے طلبہ کے لیے پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن کو لازمی قرار دینے کی تجویز پر غور کیا گیا۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام میں بین الشعبہ جاتی کورس AI for Everyone متعارف کرانے پر بھی غور کیا، جو معاشیات اور دیگر شعبوں میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل مہارتوں کی بڑھتی ہوئی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے تجویز کیا گیا۔ بورڈ نے جامعہ گوادر کے بی ایس معاشیات پروگرام میں بلیو اکانومی کو ایک اہم کورس کے طور پر متعارف کرانے اور منظور کرنے کا بھی فیصلہ کیا۔ شرکاء کے مطابق گوادر کی معاشی اہمیت اور ساحلی و بحری ترقی کے تناظر میں اس کورس کی خصوصی اہمیت ہے۔ بورڈ نے بی ایس معاشیات پروگرام سے متعلق دیگر تعلیمی اور نصابی امور کا بھی جائزہ لیا اور نصاب کو عصر حاضر کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ضروریات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے مزید اقدامات پر تبادلہ خیال کیا۔ اجلاس میں جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے فیکلٹی ممبر سلیمان صمد، جامعہ گوادر کے کوالٹی انہانسمنٹ سیل (QEC) کی ڈائریکٹر ڈاکٹر رابعہ اسلم، اور شعبہ کمپیوٹر سائنس کے فیکلٹی ممبر اکرام بلوچ نے شرکت کی۔ بیرونی اراکین میں یونیورسٹی آف تربت کے اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر عبدالقیوم اور لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اینڈ میرین سائنسز کے اسسٹنٹ پروفیسر و رجسٹرار ڈاکٹر بالاچ رشید شامل تھے، جنہوں نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس کے نتائج پر روشنی ڈالتے ہوئے بورڈ کے اراکین نے نصاب کی مسلسل ترقی، جدید شعبوں کے انضمام، پیشہ ورانہ سرٹیفکیشن، بین الشعبہ جاتی تعلیم اور علاقائی اہمیت کے حامل مضامین کو نصاب کا حصہ بنانے کی اہمیت پر زور دیا، تاکہ اقتصادیات کے طلبہ کی تعلیمی اور پیشہ ورانہ استعداد کو مزید مضبوط بنایا جا سکے۔

بقیہ 18

ہے۔ لیاقت بازار، ستار روڈ، چوہڑمل روڈ اور قندھاری بازار شہر کے اہم کاروباری مراکز ہیں، جہاں ہزاروں دکاندار اور کاروباری افراد روزانہ اپنا کاروبار کرتے ہیں۔ پہلے ہی مہنگائی، معاشی مشکلات اور کاروباری سرگرمیوں میں کمی کے باعث تاجر برادری شدید پریشانی سے دوچار ہے، ایسے میں کئی کئی گھنٹوں کی بجلی کی بندش نے ان کے مسائل میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ بیان میں کہا ہے کہ صارفین ہزاروں سے لاکھوں روپے کے بجلی کے بل باقاعدگی سے ادا کرتے ہیں، لیکن اس کے باوجود انہیں بنیادی سہولت یعنی مسلسل بجلی کی فراہمی سے محروم رکھا جا رہا ہے۔ بجلی کے طویل بریک ڈاؤن کے باعث کاروباری سرگرمیاں متاثر، دکانداروں کا قیمتی وقت اور سرمایہ ضائع جبکہ شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ کیسکو کی جانب سے بجلی کی فراہمی کے نظام اور لوڈشیڈنگ کے حوالے سے واضح اور قابل عمل شیڈول فراہم نہ کرنا اور شہریوں کو مسلسل اذیت میں مبتلا رکھنا انتہائی تشویشناک امر ہے۔ متعلقہ حکام کو چاہیے کہ وہ محض اعلانات کے بجائے عملی اقدامات اٹھائیں اور شہر کے مرکزی علاقوں میں بجلی کی بلاجواز بندش کا فوری خاتمہ کریں۔ پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ نے کیسکو کے اعلیٰ حکام اور متعلقہ حکام بالا سے مطالبہ کیا ہے کہ لیاقت بازار، ستار روڈ، قندھاری بازار اور دیگر متاثرہ علاقوں میں طویل لوڈشیڈنگ کا فوری نوٹس لیا جائے، بجلی کی فراہمی بحال اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا سلسلہ ختم کیا جائے۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ اگر شہریوں اور تاجر برادری کو فوری ریلیف فراہم نہ کیا گیا اور بجلی کی طویل بندش کا سلسلہ جاری رہا تو پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ عوام اور تاجر برادری کے ساتھ مل کر احتجاجی لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوگی، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہوگی

بقیہ 19

والی طبی مشینری کی تنصیب سے متعلق پیش رفت پر بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف امور کا جائزہ لیتے ہوئے ہدایت کی کہ آپریشن تھیٹر کی بحالی کے لیے باقی ماندہ تعمیراتی کام اور مشینری کی تنصیب کا عمل ہنگامی بنیادوں پر مکمل کیا جائے تاکہ اسے جلد فعال کر کے مریضوں کو ضروری طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے واضح کیا کہ ہسپتال میں جاری ترقیاتی کاموں میں معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کیا جائے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو تعمیراتی کام کی باقاعدگی سے نگرانی اور کام کے معیار کو یقینی بنانے کی بھی ہدایت کی دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کے مختلف امور کا بھی جائزہ لیا اور مریضوں کو دستیاب طبی سہولیات، ہسپتال کے انتظامی معاملات اور جاری ترقیاتی سرگرمیوں کے حوالے سے متعلقہ حکام سے معلومات حاصل کیں بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے BSDI فیز III کے تحت منظور شدہ پارکنگ شیڈ کے لیے مختص مختلف مقامات کا بھی معائنہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو موقع کی صورتحال اور ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب جگہ کے انتخاب اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے کی ہدایت کی ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ BSDI کے تحت جاری منصوبوں کا مقصد عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی اور سرکاری اداروں میں خدمات کے معیار کو مزید مؤثر بنانا ہے، اس لیے تمام منصوبوں کی بروقت تکمیل اور شفاف انداز میں عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 20

اقدار کا آئینہ دار ہوتی ہے۔ اپنی ثقافت، زبان، روایات اور تاریخی ورثے کا تحفظ دراصل آنے والی نسلوں کے ساتھ اپنے تہذیبی رشتے کو مضبوط بنانے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت صدیوں پر محیط روایات اور اعلیٰ انسانی اقدار کی امین ہے جن میں رواداری، برداشت، بھائی چارہ، مہمان نوازی، خودداری اور باہمی احترام نمایاں ہیں۔ یہ اقدار نہ صرف پشتون معاشرے کی تہذیبی شناخت کا حصہ ہیں بلکہ خطے میں سماجی ہم آہنگی، باہمی احترام اور امن کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہیں۔ بیان میں کہا گیا کہ بلوچستان مختلف اقوام زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے اور اس متنوع ثقافتی ورثے کا احترام ہی باہمی اعتماد، سماجی ہم آہنگی اور پرامن معاشرے کی بنیاد ہے۔ پشتون ثقافتی دن اپنی تہذیبی شناخت، روایات اور تاریخی ورثے سے تجدید عہد کا بھی موقع فراہم کرتا ہے۔ مرکزی ترجمان نے مزید کہا بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) پشتون قوم کی ثقافتی خوشیوں میں برابر کی شریک ہے اور اس امید کا اظہار کرتی ہے کہ پشتون عوام اپنی شاندار تہذیبی روایات، زبان، ادب اور تاریخی ورثے کو نئی نسلوں تک منتقل کرتے ہوئے امن، رواداری، باہمی احترام، اتحاد اور خوشحالی کے سفر کو مزید مضبوط بنائیں گے۔

بقیہ 21

حساس اداروں محکمہ ایکسائز ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ اے این ایف کے افسران شریک ہوئے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کی زیرنگرانی منعقدہ میٹنگ میں لاء اینڈ آرڈر کی صورتحال وسندھ بلوچستان سرحدی پٹی پر انڈین چھالیہ و نان کسٹم اشیاء کی اسمگلنگ روکنے کیخلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت جامع پلانز پر کام کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے مؤثر اقدامات کرنے آر سی ڈی ہائی وے و کوسٹل ہائی وے پر مسافر بسوں کے ذریعے ڈیزل و نان کسٹم پیڈ اشیاء کی غیر قانونی اسمگلنگ کی روک تھام چیک پوسٹوں کی کارکردگی ٹیکنیکل سرویلنس کے ذریعے شاہراہوں کو محفوظ بنانے کا فیصلہ کیا گیا کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو اجلاس میں ایس پی حب مرزا بلال حسن ایف سی 147 ونگ کے میجر جنجی اور پاکستان کوسٹ گارڈ کے افسر، ڈائریکٹر ایکسائز سہیل احمد سمیت دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے حکام نے انسداد منشیات و انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اپنی محکمانہ کارکردگی سے کمشنر کو بریفنگ دی جبکہ کسٹم کے افسران اجلاس سے غیر حاضر رہے کمشنر کے زیرصدارت منعقدہ اجلاس میں ضلعی انتظامیہ کے ماتحت تمام اداروں کیما بین مؤثر کوآرڈینیشن میکنزم کا فیصلہ کیا گیا کمشنر لسبیلہ نے سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے لوکل کمیونٹی کی معاونت سے سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کرانا و انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے سیکیورٹی آپریشنز کیمگرائزڈ کرنے پر مشاورت کی گئی کمشنر لسبیلہ سائرہ عطاء نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اسمگلنگ کی روک تھام اور اسنیپ چیکنگ کیلئے جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی تربیت اور ریسورسز استعمال کرنے کی ضرورت ہے سیکیورٹی چیک پوسٹوں پر تعینات عملہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں نبھاتے وقت لوگوں کیساتھ ایسا رویہ اپنائیں کہ لوگ انہیں دشمن نہیں محافظ سمجھیں کمشنر نے کہا کہ سیکیورٹی کو بہتر بنانے اداروں کی ذمہ داری ہوتی ہے تاہم چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو لوگوں کا اعتماد حاصل کرنے کیساتھ سیکیورٹی تھریٹس کو بھی روکنا ہوگا اداروں اور عوام کے مابین اعتماد سازی کے لئے ایسا ماحول پیدا کرنے کی ضرورت ہے کہ لوگ چیک پوسٹوں پر تعینات عملے کو اپنا محافظ سمجھیں کمشنر نے کہا کہ قانون نافذ کرنیوالے اداروں کو اپنے رویوں سے اسٹیٹ کا ایسا مثبت امیج ثابت کرنا ہے کہ لوگ انہیں اپنا مددگار سمجھیں کمشنر نے کہا کہ سیکیورٹی چیکنگ کیلئے اداروں کو ایسا میکانزم بنانے کی ضرورت ہے کہ پبلک ٹرانسپورٹ کو بار بار چیکنگ کرنے کی ضرورت نہ پڑے سیکیورٹی اداروں کو ڈیجیٹلائزیشن کیجانب بڑھنا ہوگا کمشنر نے کہا کہ واٹر ٹینکرز سے رشوت لیکر انہیں کراچی پار کروانیکی شکایات پر متعلقہ ذمہ داران سے باز پرس کیجائیگی کمشنر کی زیرصدارت سیکیورٹی میٹنگ میں فیصلہ کیا گیا کہ نیشنل ایکشن پلان کے سیکیورٹی میکانزم کے تحت کام کرنے والے تمام اداروں کیما بین کمیونیکیشن کوآرڈینیشن کو منظم اور وسیع بنانے پر غور و خوض کیا گیا کمشنر نے انسداد اسمگلنگ کے حوالے سے منعقدہ اجلاس میں گڈانی کسٹم کلکٹریٹ کے افسران کی غیر حاضری پر متعلقہ ذمہ داران کیخلاف مجاز اتھارٹی کو لیٹر لکھنے کے احکامات جاری کیں

بقیہ 22

سفر کی، انجینئر نجیب اللہ مری نے بیان میں روزنامہ مشرق کے نیوز ایڈیٹر سید حامد بخاری کے بھائی روزنامہ ایکسپریس کے نیوز ایڈیٹر سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے رہنماؤں نے کہا کہ سید عابد بخاری سینئر صحافی کیساتھ ساتھ ایک انتہائی شفیق اور مخلص شخصیت کے مالک تھے۔ اللہ تعالیٰ مرحوم عابد بخاری کے درجات بلند کرے۔ آمین مزدور رہنماؤں نے سید حامد بخاری اور سوگوار خاندان کے تمام افراد سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 23

خان اور کے پی ہیرائی بھی موجود تھے سپرنٹنڈنگ انجینئر مدثر ظفر کھوسہ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ربیع کینال میں پانی کی منصفانہ اور بروقت ترسیل کو یقینی بنایا جائے اور نہری نظام میں کسی بھی قسم کی رکاوٹ کو فوری دور کیا جائے تاکہ کاشتکاروں کو اپنی فصلوں کے لیے مطلوبہ پانی کی فراہمی میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ زراعت کے فروغ اور کاشتکاروں کی خوشحالی کے لیے نہری پانی کی بہتر تقسیم انتہائی ضروری ہے، محکمہ آبپاشی دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے زرعی پانی کی فراہمی کے نظام کو مزید مؤثر بنانے کے لیے اقدامات کر رہا ہے، افسران فیلڈ میں موجود رہ کر نہری نظام کی مسلسل نگرانی کریں اور پانی کی ترسیل سے متعلق مسائل کے فوری حل کو یقینی بنائیں تاکہ ربیع کی فصلوں کو بروقت پانی فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 24

ٹ کی بنیاد پر مکمل کر لیا گیا۔ بھرتی کے دوران تمام امیدواروں کے لیے یکساں مواقع اور مقررہ قواعد و ضوابط پر عملدرآمد کو یقینی بنایا گیا۔ بھرتی کے عمل کے نتیجے میں جنرل کیڈر میں کوٹہ کے تحت 298، لیڈیز کوٹہ میں 44 جبکہ اقلیتی کوٹہ کے تحت 07 جوانوں کی بھرتی عمل میں لائی گئی، یوں مجموعی طور پر 349 جوانوں کو ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کا حصہ بنایا گیا ہے۔ حکام کے مطابق بھرتی کے پورے عمل میں میرٹ، شفافیت اور مقررہ طریقہ کار کو بنیادی اہمیت دی گئی، جبکہ امیدواروں کی اہلیت اور دیگر مقررہ تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے انتخاب کا عمل مکمل کیا گیا۔ بھرتی کے عمل کی نگرانی اعلیٰ پولیس حکام کی جانب سے کی گئی تاکہ کسی بھی مرحلے پر میرٹ اور شفافیت پر سمجھوتہ نہ ہو۔ پولیس حکام نے کہا کہ نئی بھرتیوں سے ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کی افرادی قوت میں اضافہ ہوگا، جس سے پولیس فورس کو مزید منظم، فعال اور مستحکم بنانے میں مدد ملے گی۔ نئے بھرتی ہونے والے جوانوں کی شمولیت سے کوئٹہ شہر میں امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام، شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور پولیسنگ کے دیگر فرائض کی انجام دہی کے لیے دستیاب نفری میں اضافہ ہوگا۔ پولیس حکام کے مطابق بلوچستان پولیس میں بھرتیوں کے عمل میں میرٹ اور شفافیت کو بنیادی اصول کے طور پر برقرار رکھا جا رہا ہے تاکہ اہل، باصلاحیت اور مستحق نوجوانوں کو پولیس فورس میں خدمات انجام دینے کے مواقع فراہم کیے جا سکیں۔ 349 نئے جوانوں کی شمولیت سے ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ کو ایک تازہ دم اور مزید فعال افرادی قوت میسر آئے گی، جو شہریوں کے تحفظ اور امن و امان کے قیام کے لیے اپنی ذمہ داریاں مؤثر انداز میں ادا کرے گی۔

بقیہ 25

گنائزر مزمل شاہ وطنیار نے پیش کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ 27 اکتوبر کو پشتونخوا سٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کا زونل کانفرنس منعقد ہوگا۔ اس کانفرنس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے محبوب و ہردلعزیز چیئرمین، قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف، ملی مشر محترم محمود خان اچکزئی خصوصی طور پر شرکت کریں گے۔ زونل کمیٹی کے اجلاس سے زونل آرگنائزر وارث افغان، مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی آرگنائزر سیف اللہ کاکڑ اور مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفندیار کاکڑ نے خطاب کیا۔ اجلاس کی کارروائی زونل سینئر آرگنائزر مزمل شاہ وطنیار اور زونل اطلاعات آرگنائزر عظیم افغان نے انجام دی۔

بقیہ 26

فراہم کی جا سکیں انہوں نے دیگر مستحق افراد کے لیے عام وہیل چیئرز کی فراہمی کے سلسلے میں بھی رجسٹریشن کا عمل تیز کرنے اور شفافیت و میرٹ کے تحت حقیقی حقداروں کو ترجیح دینے کی ہدایت کی۔ سوشل ویلفیئر آفیسر نے جاری عمل سے متعلق بریفنگ دیتے ہوئے جلد اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 27

انسٹی ٹیوٹ آف انالسس اینڈ امپیکٹ کے اسٹریٹجک اسٹڈیز کی مطالعاتی رپورٹ کے مطابق 31 جولائی سے 20 ستمبر 2026 کے دوران سوشل میڈیا، آن لائن ذرائع اور دستیاب مطبوعہ رپورٹنگ سمیت مختلف ذرائع سے 98** ہزار 368 نوجوانوں ** کی رائے کا جائزہ لیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پنجاب میں 79 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 21 فیصد نے مخالفت کی۔ خیبر پختونخوا میں 75 فیصد نے حمایت اور 25 فیصد نے مخالفت کی، جبکہ وفاقی دارالحکومت میں 74 فیصد نوجوان نئے صوبوں کے قیام کے حق میں اور 26 فیصد مخالفت میں سامنے آئے۔ بلوچستان میں 71 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 29 فیصد نے مخالفت کی۔ سندھ میں حمایت کا تناسب 59 فیصد جبکہ مخالفت 41 فیصد رہی۔ رپورٹ کے مطابق آزاد جموں و کشمیر میں 36 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت اور 64 فیصد نے مخالفت کی، جبکہ گلگت بلتستان میں 41 فیصد حمایت اور 59 فیصد مخالفت ریکارڈ کی گئی۔ مطالعاتی رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ پنجاب کے تقریباً تمام ڈویژنز اور اضلاع میں نئے صوبوں کے قیام کی حمایت غالب رہی۔ سندھ میں شناخت اور علاقائی سالمیت سے متعلق خدشات مخالف رائے میں نمایاں رہے، جبکہ خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں مجموعی طور پر حمایتی رجحان دیکھا گیا۔ اس کے برعکس آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے مخالف موقف زیادہ غالب رہا۔

بقیہ 28

، ایف سی ہرنائی 81 ونگ کے کمانڈر لیفٹیننٹ کرنل عنایت اللہ، اور ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جعفرانی نے شرکت کی۔ ان کے ہمراہ مختلف ضلعی محکموں کے افسران، معزز قبائلی عمائدین، اساتذہ، طلبا اور عوام کی ایک بڑی تعداد بھی تقریب میں شریک تھی۔ اس موقع پر طلبا کی جانب سے پشتون معاشرے کی روایتی اقدار، مہمان نوازی، بہادری، اور رواداری کی خوبصورت انداز میں پیش کرنے کے لیے مختلف ثقافتی خاکے، ٹیبلو اور دیگر دلچسپ پروگرام پیش کیے گئے۔ طلبا کی جانب سے پیش کی گئی اس ثقافتی عکاسی کو تقریب میں شریک تمام افراد نے بے حد سراہا اور بھرپور داد دی تقریب کے اختتام پر مختلف مقررین نے شرکا سے خطاب کرتے ہوئے پشتون ثقافت کی اہمیت، اس کی تاریخی افادیت اور امن و محبت کے پیغام پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے اس بات پر زور دیا کہ اپنی شاندار ثقافت کو زندہ رکھنا اور نئی نسل کو ان روایات سے روشناس کرانا ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔

بقیہ 29

انہوں نے ٹیموں سے مہم کے دوران پیش آنے والے مسائل اور فیلڈ میں درپیش مشکلات کے حوالے سے بھی آگاہی حاصل کی۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں تک رسائی ہر صورت یقینی بنائی جائے اور کوئی بچہ پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی وجہ سے رہ جانے والے بچوں کی فوری نشاندہی کر کے انہیں دوبارہ کور کیا جائے، جبکہ فیلڈ ٹیمیں گھر گھر جا کر بچوں کی ویکسینیشن کا عمل مکمل کریں انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کی کامیابی کے لیے فیلڈ ٹیموں کی ذمہ دارانہ کارکردگی، مؤثر نگرانی اور والدین کا تعاون انتہائی اہم ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے پولیو مہم کی مسلسل مانیٹرنگ جاری رکھی جائے گی تاکہ مقررہ اہداف حاصل کیے جا سکیں ڈپٹی کمشنر نے والدین اور عوام سے اپیل کی کہ وہ پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں تاکہ ضلع دکی کو پولیو سے محفوظ بنانے کی کوششوں کو مزید مؤثر بنایا جا سکے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ بچوں کے محفوظ اور صحت مند مستقبل کے لیے انسداد پولیو مہم میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 30

صوبائی ترجمان نے کہا کہ بیوٹمز بلوچستان کا ایک معتبر اعلیٰ تعلیمی ادارہ ہے بیوٹمز یونیورسٹی کا درس و تدریس کے حوالے سے کئی نئے ڈیپارٹمنٹس اور تحقیقی پروگرامز متعارف کرائے گئے ہیں جن کے لیے یونیورسٹی کو مستقبل میں کئی نئی عمارتوں کی ضرورت ہوگی مگر حکومت پہلے سے موجود کیمپس کی بلڈنگ کسی اور ادارے کو فراہم کرے گی تو بلوچستان جیسے پسماندہ صوبے کے ہزاروں طلبہ و طالبات جو بہتر مستقبل کے حصول کے لیے مختلف علاقوں سے آ کر بیوٹمز یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کرتے ہیں ان کے تعلیمی مستقبل کا کیا ہوگا اور جو طلبا آج سٹی کیمپس میں زیر تعلیم ہیں وہ کہاں جائیں گے حکومت کو ان تمام پہلوؤں کا جائزہ لینا چاہیے اور مزید سہولتیں فراہم کرتے ہوئے تعلیم کے فروغ کے لئے عملی اقدامات اٹھائے جانے چاہئیں تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو بہتر تعلیمی ادارے فراہم ہو سکیں صوبائی ترجمان نے واضح کرتے کہا کہ نیشنل پارٹی تعلیمی اداروں کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر محاذ پر سیاسی جمہوری آواز بلند کرے گی اور اس طرح کے حکومتی فیصلوں کو کسی صورت تسلیم نہیں کرے گی نیشنل پارٹی حکومت سے پرزور مطالبہ کرتی ہے کہ سٹی کیمپس کے حوالے جو فیصلہ کیا جا رہا ہے اسے واپس کرے تاکہ بلوچستان کے نوجوانوں میں اس فیصلے کے حوالے سے جو تشویش پائی جا رہی ہے وہ ختم ہو سکے اور ان کی تعلیمی سرگرمیاں جاری رہ سکیں اگر حکومت اپنی ہٹ دھرمی پر قائم رہی تو نیشنل پارٹی اس فیصلے کی کسی صورت اجازت نہیں دے گی اور اسمبلی سے لیکر ہر اسٹیج پر سٹی کیمپس جیسے تعلیمی ادارے کا دفاع کرے گی۔

بقیہ 31

بھی ان کے ہمراہ تھے۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کے ہمراہ گھر گھر جا کر بچوں کی پولیو ویکسینیشن کا جائزہ لیا اور متعدد بچوں کو اپنے ہاتھوں سے پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے۔ انہوں نے ٹیموں سے مہم کی پیش رفت، کوریج اور فیلڈ میں درپیش مسائل کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر نے لاک ہاؤسز کا بھی معائنہ کیا اور مقامی لوگوں سے ان گھروں کے بند ہونے کی وجوہات دریافت کیں۔ انہوں نے متعلقہ ٹیموں کو ہدایت کی کہ ہر لاک ہاؤس کی صورتحال کو مقامی سطح پر مکمل طور پر ویریفائی کیا جائے اور غیر موجود خاندانوں سے متعلق درست معلومات حاصل کرنے کے بعد ہی ریکارڈ کو حتمی شکل دی جائے، تاکہ کوئی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ ڈپٹی کمشنر نے پولیو ٹیموں کے ہمراہ تعینات پولیس اہلکاروں سے بھی ملاقات کی، ان کی ڈیوٹی اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا اور مہم کے دوران فرائض انجام دینے پر پولیس اہلکاروں کی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر میجر (ر) الیاس کبزئی نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران فیلڈ میں بھرپور محنت، ذمہ داری اور احتیاط کے ساتھ کام جاری رکھا جائے اور تمام بچوں تک پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 32

میر سلیم خان کھوسہ اور صوبائی سیکرٹری سی اینڈ ڈبلیو بابر خان کے احکامات کی روشنی میں چیف انجینئر مواصلات و تعمیرات نصیرآباد زون بشیر ناصر نے ضلع جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران انہوں نے روجھان تو خانپور روڈ، سی او آر کالونی، ڈیرہ اللہ یار مین سیوریج لائن، پری فیب اور کینال فارم پولیس اسٹیشن کی چار دیواری سمیت دیگر ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا اور جاری تعمیراتی امور، کام کے معیار اور پیش رفت کے حوالے سے متعلقہ افسران سے تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر سپرنٹنڈنگ انجینئر ارسلا رند، ایگزیکٹو انجینئر عتیق الرحمن، سب ڈویژنل آفیسر اعجاز بہرانی سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ چیف انجینئر بشیر ناصر نے متعلقہ افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے اور تمام اسکیموں کو مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کیا جائے۔ پائیدار تعمیراتی عمل نہ صرف عوام کے وسیع تر مفاد میں ہے بلکہ اس سے محکمہ مواصلات و تعمیرات کی کارکردگی اور مورال بھی وابستہ ہے۔ انجینئرز تعمیراتی امور کی کڑی نگرانی یقینی بنائیں اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری ایمانداری اور پیشہ ورانہ انداز میں ادا کریں۔ عوامی مفاد کے منصوبوں میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 33

انوں کو فراہم کی جانے والی مالی معاونت، مستحقین کی رجسٹریشن و سروے، ادائیگیوں کے طریقہ کار اور پروگرام میں شفافیت کو یقینی بنانے سے متعلق امور پر تفصیلی بریفنگ دی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی، ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی، اسسٹنٹ کمشنر پولیٹیکل کوئٹہ ڈویژن سید کلیم اللہ سمیت دیگر افسران موجود تھے۔ ڈائریکٹر جنرل نے بتایا کہ کوئٹہ ڈویژن میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت کفالت پروگرام، وسیلہ تعلیم اور نشوونما پروگرام سمیت مختلف منصوبوں پر عملدرآمد جاری ہے۔ کوئٹہ میں دو ڈائنامک رجسٹری سینٹرز (DRCs) جبکہ رجسٹریشن کے لیے ایک موبائل وہیکل بھی کام کر رہی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کوئٹہ میں تقریباً دو لاکھ بچوں اور دو لاکھ سے زائد خواتین کو بے نظیر نشوونما پروگرام میں شامل کیا گیا ہے۔ خواتین کے لیے ڈیجیٹل والٹس بھی بنائے گئے ہیں جبکہ انہیں سم بھی فراہم کی جا چکی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ نئے مستحقین اور خواتین کی رجسٹریشن کا عمل کل سے شروع کیا جائے گا، جس کے تحت ڈائنامک رجسٹری سینٹرز اور موبائل وہیکل کے ذریعے رجسٹریشن کی جائے گی۔ اس عمل کے دوران ان خواتین کو بھی پروگرام میں شامل کیا جائے گا جن کی تاحال رجسٹریشن نہیں ہو سکی۔ اس موقع پر کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے ہدایت کی کہ بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کی رجسٹریشن کے حوالے سے ماہانہ پلان شیئر کیا جائے تاکہ ڈپٹی کمشنرز اور اسسٹنٹ کمشنرز کی سطح پر رجسٹریشن کے عمل کی مؤثر نگرانی یقینی بنائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ میں رجسٹریشن کے لیے ڈائنامک رجسٹری سینٹرز اور موبائل رجسٹریشن کے ذریعے عوام کو سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے مزید بتایا کہ کوئٹہ کے ہسپتالوں میں نشوونما پروگرام کے تحت خواتین اور بچوں کے علاج، غذائی ضروریات اور فوڈ سپلیمنٹ سے متعلق اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری نے کہا کہ کم آمدن اور مستحق خاندانوں کو مالی معاونت کی فراہمی ایک اہم سماجی ذمہ داری ہے۔ متعلقہ اداروں کے درمیان مؤثر رابطہ، باہمی تعاون اور نگرانی کے ذریعے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے ثمرات مزید بہتر انداز میں مستحق افراد تک پہنچائے جا سکتے ہیں۔ اس دوران بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کو درپیش مسائل، ان کے حل، رجسٹریشن کے عمل کو مزید مؤثر بنانے اور مستحقین کو سہولیات کی فراہمی سمیت باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر بھی تفصیلی غور و خوض ہوا۔

بقیہ 34

ایشن کے صدر سدھید لقمان، معراب خان سمیت متعلقہ افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے نجی تعلیمی اداروں کی صورتحال، اسکولوں کی رجسٹریشن، بنیادی سہولیات کی فراہمی، اساتذہ کی تنخواہوں، انتظامی امور اور تعلیمی معیار میں بہتری سمیت مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ نے کہا کہ ضلع کیچ میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کو منظم اور فعال بنانے کی ضرورت ہے تاکہ نجی تعلیمی اداروں کے مسائل کے حل اور تعلیمی نظام کی بہتری کے لیے مربوط اقدامات کیے جا سکیں۔ انہوں نے ایسوسی ایشن کے لیے ایک مضبوط کمیٹی تشکیل دینے اور بی سی آر اے کے تحت رجسٹریشن کا عمل مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ ضلع کیچ کے تمام نجی اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنانا ضروری ہے۔ اس سلسلے میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو مختلف اسکولوں کا دورہ کر کے پانی، بجلی، واش رومز، تعلیمی ماحول اور دیگر بنیادی سہولیات کا جائزہ لے گی۔ اے ڈی سی کیچ نے کہا کہ اسکولوں کے معائنے کے دوران حقیقی صورتحال کا جائزہ لیا جائے گا اور بنیادی سہولیات کی عدم دستیابی یا مقررہ ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں متعلقہ اداروں کے خلاف ضابطے کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں نجی اسکولوں کے تدریسی عملے کو درپیش مسائل، بالخصوص اساتذہ کی تنخواہوں کے معاملے پر بھی غور کیا گیا اور اس کے حل کے لیے ضروری اقدامات پر زور دیا گیا۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ضلع کیچ میں مجموعی طور پر 52 نجی اسکول قائم ہیں، تاہم بیشتر اداروں میں بنیادی سہولیات کی صورتحال تسلی بخش نہیں۔ اجلاس کے شرکاء نے نجی تعلیمی اداروں کی سہولیات، انتظامی امور اور تعلیمی معیار کو بہتر بنانے، مسائل کے حل اور ضلع کیچ میں معیاری تعلیم کے فروغ کے لیے ضلعی انتظامیہ اور پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کے درمیان باہمی تعاون مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 35

حملے میں کم از کم 24 پاکستانی شہری جاں بحق ہوئے، جن میں 7 عام شہری اور 17 قانون نافذ کرنے والے اہلکار شامل ہیں، جبکہ کم از کم 88 افراد زخمی ہوئے۔ سلامتی کونسل کے ارکان نے حملے کو بزدلانہ اور قابل مذمت دہشت گرد کارروائی قرار دیتے ہوئے متاثرہ خاندانوں، حکومت پاکستان اور پاکستانی عوام سے گہری ہمدردی اور تعزیت کا اظہار کیا۔ کونسل نے زخمیوں کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ بیان کے مطابق ایک دہشت گرد گروہ، جس کے بعض وابستہ عناصر کا تعلق تحریک طالبان پاکستان (TTP) سے جوڑا گیا ہے، نے حملے کی ذمہ داری قبول کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ سلامتی کونسل نے واضح کیا کہ دہشت گردی اپنی تمام شکلوں اور مظاہر میں بین الاقوامی امن و سلامتی کے لیے سنگین ترین خطرات میں شامل ہے۔

ضلع چمن مشاورتی جرگہ کا انعقاد، متحد ہو کر اپنے وطن اور قوم کے مستقبل کی حفاظت نہ کی تو تاریخ پھر ہمیں معاف نہیں کرے گی

پشتونوں پر تجارت روزگار کے دروازے بند کرنا معاشی قتل عام کے مترادف ہے، نواب ایاز جوگیزئی

محمود خان اچکزئی کی تجاویز پر عملدرآمد ہی ملک کو بحرانوں سے نجات دلا سکتا ہے، باڈر ٹریڈ بحالی کے لیے چمن کے عوام کے ساتھ کھڑے ہیں

چمن (آن لائن) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی کی زیر صدارت پشتون قومی جرگہ جنوبی پشتونخوا کے اعلامیہ کی روشنی میں ضلع چمن کا مشاورتی جرگہ چمن کے آریانہ ہوٹل میں منعقد ہوا۔ جرگہ کے سٹیج سیکرٹری کے فرائض پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال نے سرانجام دیے جبکہ تلاوت کلام پاک کی سعادت مولوی شراف الدین نے حاصل کی۔ جرگے سے پشتونخوامیپ (باقی صفحہ 3 نمبر38)

ڈپٹی کمشنر برشور کی زیر صدارت سٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا اجلاس

عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس کی زیر صدارت سٹرکٹ امپلیمنٹیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں تمام ضلعی لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان اور انتظامی افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کا بنیادی مقصد نو تشکیل شدہ ضلع برشور کے انتظامی ڈھانچے کو مکمل طور پر فعال بنانا اور عوامی فلاح و بہبود کے جاری ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کو یقینی بنانا تھا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے واشگاف الفاظ میں کہا کہ نئے ضلع کی تعمیر و ترقی اور پبلک سروس ڈیلیوری کے نظام کو مثالی بنانا انتظامیہ کی اولین تر (باقی صفحہ 3 نمبر36)

سلامتی کونسل کی کوہاٹ میں 18 ستمبر کو مسجد میں ہونے والے خودکش دہشتگرد حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت

نیو یارک (آن لائن) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل نے خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں 18 ستمبر کو مسجد میں ہونے والے خودکش دہشتگرد حملے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ سلامتی کونسل کے صدر اور فرانس کے نمائندے جیروم بونافونٹ کی جانب سے جاری پریس بیان کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر35)

پاکستان اور ایران مل کر خطے کو درپیش چیلنجز کا مؤثر مقابلہ کر سکتے ہیں، سینیٹر محمد عبدالقادر

پاک ایران اعلیٰ سطحی مذاکرات علاقائی امن، بارڈر سیکیورٹی اور معاشی ترقی کیلئے بریک تھرو ہیں، چیئرمین کمیٹی

ایران بارڈر مینجمنٹ اور بارڈر مارکیٹس کے تحرک سے بلوچستان کی معاشی بحالی اور مقامی آبادی کو روزگار میسر آئے گا

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاک ایران اعلیٰ سطحی مذاکرات علاقائی امن، بارڈر سیکیورٹی اور معاشی ترقی کیلئے بریک تھرو ہیں تہران مذاکرات سے دونوں ممالک کے سفارتی، معاشی اور دفاعی تعلقات کو نئی جلا ملے گی پاک ایران بارڈر مینجمنٹ اور بارڈر مارکیٹس کے تحرک سے بلوچستان کی معاشی بحالی اور مقامی آبادی کو روزگار میسر آئے گا 900 کلومیٹر طویل مشترکہ (باقی صفحہ 3 نمبر37)

کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کا پشتون کلچر ڈے کے موقع پر عمائدین کے ساتھ گروپ فوٹو

کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت اجلاس

نئے مستحقین اور خواتین کی رجسٹریشن کا عمل کل سے شروع کیا جائے گا

موبائل رجسٹریشن کے ذریعے عوام کو سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری کی زیر صدارت کوئٹہ ڈویژن میں بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے تحت جاری مختلف اقدامات اور پروگرام کی مجموعی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام ڈاکٹر جلال فیض نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن کو مستحق خاند (باقی صفحہ 3 نمبر33)

ڈی سی سبی کا جاری انسدادِ پولیو مہم کے تیسرے روز مختلف علاقوں کا دورہ

فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور بچوں کی ویکسینیشن کے عمل کا جائزہ لیا

سبی (خ ن) ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی نے جاری انسداد پولیو مہم کے تیسرے روز مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور فیلڈ میں پولیو ٹیموں کی کارکردگی اور بچوں کی ویکسینیشن کے عمل کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر عالمی ادارہ صحت (WHO) کے ڈاکٹر آغا بارون (باقی صفحہ 3 نمبر31)

حالات میں مہنگائی اور پیٹرولیم مصنوعات کی ہوشربا اضافہ نے قوم کو ایک اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور کردیا ہے

پاکستان کی تاریخ میں عوام نے ایسے حالات نہیں دیکھا ہے، جمعیت نظریاتی

معاشی استحصال اور ظالمانہ فیصلوں سے ہر شعبہ سے تعلق رکھنے والے اور عام عوام سراپا احتجاج پر ہے، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی ڈپٹی سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی سکرٹری اطلاعات حاجی سید عبدالستار شاہ چشتی حاجی حیات اللہ کاکڑ نے کہا کہ ملکی سلامتی کیلئے اور معاشی بحران سے نکلنے کیلئے ضروری ہے کہ ملک میں عملی طور پر اسلامی نظام عدل وانصاف کو نافذ سودی نظام کو فی الفور ختم قرآن وسنت کے (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ کی زیر صدارت اجلاس

تربت (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کیچ تابش علی بلوچ کی زیر صدارت ڈپٹی کمشنر آفس تربت میں پرائیویٹ اسکول ایسوسی ایشن کا اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر کیچ امجد شہزاد، ڈسٹرکٹ آفیسر ایجوکیشن فیمیل شائستہ حاصل، پرائیویٹ اسکول ایسوی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

ڈپٹی کمشنر گوادر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس

متعلق کسی بھی معاملے میں مستند ریکارڈ اور حقائق کو سامنے لایا جائے

گوادر (خ ن) ڈپٹی کمشنر گوادر نقیب اللہ کاکڑ کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں سرکاری اسپتالوں کی کارکردگی، عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، فیلڈ مانیٹرنگ اور درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ڈاکٹر عبدالشکور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر یاسر طاہر، میر عبدالغفور کلمتی ٹیچنگ اسپتال کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالمجید، انڈس ہسپتال ادارہ ترقیات گوادر کے سی او، اوادر پاک عمان ہسپتال کے نمائندہ ڈاکٹر عبدالحمید پی پی ایچ آئی کے ڈاکٹر منیر احمد بلوچ سمیت دیگر متعلقہ محکموں (باقی صفحہ 3 نمبر2)

بلوچستان مختلف اقوام زبانوں اور ثقافتوں کا حسین امتزاج ہے، سردار کوہیار ڈومکی

تمام اقوام کے درمیان باہمی احترام، بھائی چارے، اتحاد اور ہم آہنگی کے فروغ کا بھی پیغام دیتا ہے

صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس نے 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر انڈسٹریز اینڈ کامرس، چیف سردار کوہیار خان ڈومکی نے 23 ستمبر پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پشتون ثقافت اپنی قدیم روایات، تہذیب، زبان، ادب، مہمان نوازی، رواداری، بہادری اور بھائی چارے کی خوبصورت عکاس ہے۔ سردار کوہیار خان ڈومکی نے کہا کہ پشتو زبان، ادب، روایتی لباس اور ثقافتی اقدار پشتون قوم کے قیمتی تاریخی ور (باقی صفحہ 3 نمبر3)

زیارت، ڈپٹی کمشنر عبدالقدوس ایگزیکٹو SAP میں ملازمین کی تاریخ پیدائش کی درستگی کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بشیر ناصر کا جعفرآباد میں جاری مختلف ترقیاتی اسکیموں کا جائزہ

جعفرآباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات (باقی صفحہ 3 نمبر32)

گوادر میں ہفتہ روزہ شجرکاری مہم کے انعقاد کا اعلان

رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن کی زیر صدارت اجلاس

گوادر (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی زیر صدارت گزشتہ روز گوادر میں ہفتہ روزہ شجرکاری مہم کے انعقاد کا اعلان کیا گیا تھا، جس کے تحت شجرکاری، پھولوں کی نمائش اور ماحولیاتی و شجرکاری سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے گی مہم کی تیاریوں کے سلسلے میں رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کے معاون خصوصی ویسم صدا اور ڈپٹی کنٹرو (باقی صفحہ 3 نمبر4)

WIDA گریجویشن و اعزازی تقریب، خواتین کی سیاسی و شہری شرکت کے فروغ پر زور

کوئٹہ (آن لائن) ہیلتھ اینڈ رورل ڈویلپمنٹ (HARD) نے نیشنل انڈومنٹ فار ڈیموکریسی (NED) کے تعاون سے ویمن انفارمل ڈسٹرکٹ اسمبلی (WIDA) کی (باقی صفحہ 3 نمبر7)

ایم ڈی بیوٹیٹا کی جرمنی کے سفیر سے ملاقات

باقاعدہ فریم ورک قائم کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (BTEVTA) کے مینیجنگ ڈائریکٹر عبدالکبیر خان زرکون نے پاکستان میں جرمنی کی سفیر Ina Lepel، ہیڈ آف جرمن ڈویلپمنٹ کوآپریشن اور کونسلر ڈاکٹر میر جام اور جرمنی کے اعزازی کونصل جنرل میر مراد سے ملاقات کی۔ اس ملاقات کا بنیادی مقصد صوبے کے ٹیکنیکل و فنی (باقی صفحہ 3 نمبر6)

آل بلوچستان گورنمنٹ کنٹریکٹرز ایسوسی ایشن کے بلوچستان کے تمام اضلاع اور ڈویژن کی کابینہ تشکیل

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی وزیر آبپاشی میر صادق عمرانی، صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی، رکن بلوچستان اسمبلی میر ظفر زہری، سابق صوبائی وزیر میر نصیب اللہ مری سے آل بلوچستان گورنمنٹ (باقی صفحہ 3 نمبر8)

ڈپٹی کمشنر استا محمد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

سرکاری اداروں کی کارکردگی اور مختلف شعبوں میں جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ

اوستہ محمد (خ ن) ڈپٹی کمشنر استا محمد محمد رمضان پلال کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع بھر میں امن و امان انتظامی امور، عوامی مسائل کے حل سرکاری اداروں کی کارکردگی اور مختلف شعبوں میں جاری سرگرمیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اجلاس میں تمام متعلقہ ضلعی محکموں کے افسران اور دیگر ذمہ دار حکام نے شرکت کیا اجلاس (باقی صفحہ 3 نمبر5)

اے ڈی سی (ریونیو) کوئٹہ کی زیر صدارت اجلاس

خصوصی ٹیمیں تشکیل دے کر تمام امور کا جلد جائزہ مکمل کیا جائے

کوئٹہ (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) کوئٹہ حافظ محمد طارق کی زیر صدارت میٹروپولیٹن کارپوریشن کی پراپرٹی میکسز اور سرکاری املاک کو واگزار کرانے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں میٹروپولیٹن کارپوریشن اور دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں پراپرٹی میکسز کے ریکارڈ، واجبات اور سرکاری املاک کی واگزاری سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ اس حوالے سے خصوصی (باقی صفحہ 3 نمبر12)

ایران سرنڈر نہیں کریگا، جوہری پروگرام پر سمجھوتہ نہیں ہوگا، پزشکیان کا جنرل اسمبلی میں امریکا اور اسرائیل پر کڑی تنقید

نیویارک (آن لائن) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81ویں اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف فوجی کارروائیوں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا ہے کہ ایران نے اپنے دفاع کے سوا کوئی اقدام نہیں کیا۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایران دباؤ یا فوجی کارروائی کے نتیجے میں سرنڈر نہیں کرے گا اور پرامن مقاصد کے لیے جوہری ٹیکنالوجی اور یورینیم افزودگی کے اپنے حق سے دستبردار نہیں ہوگا۔ پزشکیان نے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

کوئٹہ (BUITEMS) میں فوٹوگرافی، خاکہ نگاری اور پینٹنگ کے مقابلے اور نمائش کا انعقاد

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان یونیورسٹی آف انفارمیشن ٹیکنالوجی، انجینئرنگ اینڈ مینجمنٹ سائنسز (BUITEMS) میں فوٹوگرافی، خاکہ نگاری اور پینٹنگ کے مقابلے اور (باقی صفحہ 3 نمبر11)

نوشکی: میونسپل کمیٹی کے کونسلر جانان بریچ بازیاب، خیریت سے گھر پہنچ گئے

نوشکی (آن لائن) میونسپل کمیٹی نوشکی کے کونسلر جانان بریچ بازیابی کے بعد خیریت کوئٹہ سے نوشکی اپنے گھر پہنچ گئے۔ ان کی بحفاظت واپسی پر اہل خانہ، عزیزو اقارب اور حلقہ احباب (باقی صفحہ 3 نمبر10)

پاکستان بار کونسل کے وفد کا جامعہ تربت کے لا فیکلٹی کا دورہ

شعبہ قانون کی ساکھ و معیار کو مزید بلند کرنے میں معاون ثابت ہوگی

دورے کے اختتام پر پرو وائس چانسلر نے وائس چانسلر کی جانب سے مہمانوں کو یونیورسٹی کی یادگاری شیلڈ پیش کیا

تربت (خ ن) پاکستان بار کونسل کے ممبر ایڈووکیٹ منیر احمد خان کاکڑ کی سربراہی میں بار کونسل کے ایک نمائندہ وفد نے جامعہ تربت کے شعبہ قانون کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر بلوچستان بار کونسل کے وائس چیئرمین ایڈووکیٹ جاڑین دشتی، کونسل کے ممبر نجیب اللہ کاکڑ اور عمران ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر ایڈووکیٹ سعید فیض کے علاوہ دیگر سینئر وکلا بھی موجود تھے۔ شعبہ قانون آمد پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد نے فیکلٹی آف لا کے ڈین ڈاکٹر مظفر حسین، شعبہ قانون کے چیئرمین محمود امیر، فیکلٹی ممبر ڈاکٹر نسیم جان (باقی صفحہ 3 نمبر9)



کمشنر کوئٹہ ڈویژن ذیشان لاشاری سے بلوچستان شیعہ کانفرنس کا وفد ملاقات کر رہا ہے

زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں، صوبائی مشیر موسمیاتی تبدیلی

پشتون ثقافت دنیا بھر میں اپنی الگ اور منفرد پہچان رکھتی ہے، نسیم الرحمن ملاخیل

پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، پشتونولی، امن پسندی، محبت اور ایثار جیسی شاندار تاریخ سے عبارت ہے

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمان خان ملاخیل نے پشتون کلچرل ڈے کے موقع پر اپنے پیغام میں تمام پشتون اقوام کو مبارکباد و نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ زندہ اور باشعور قومیں ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں اور اس دن کو منانے کا اصل مقصد ان تمام روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہے انہوں نے (باقی صفحہ 3 نمبر14)

ورینڈر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد ورینڈر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں تمام ضلعی محکموں کے سربراہان متعلقہ افسران اور دیگر ذمہ دار حکام نے شرکت کی اجلاس میں ضلع نصیرآباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی مسائل (باقی صفحہ 3 نمبر15)

کوئٹہ: ایسٹرن بائی پاس پر ٹریکٹر ٹرالی اور چنگچی کے تصادم کے نتیجے میں گرنے والے سامان کا منظر

مولانا عبدالرحمن رفیق و دیگر کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کے انتقال پر گہرے رنج و غم اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور معاون سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ (باقی صفحہ 3 نمبر16)

جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس

بی ایس اکنامکس پروگرام سے متعلق اہم تعلیمی امور اور مجوزہ نصابی اصلاحات کا جائزہ

گوادر (خ ن) جامعہ گوادر کے شعبہ معاشیات کے بورڈ آف اسٹڈیز کا دوسرا اجلاس پی سی ٹی وی آئی کے کانفرنس ہال میں منعقد ہوا، جس میں بی ایس اکنامکس پروگرام سے (باقی صفحہ 3 نمبر17)

معاشی مشکلات اور کاروباری سرگرمیوں میں کمی کے باعث تاجر برادری شدید پریشانی سے دوچار ہے

تجارتی علاقوں میں طویل دورانیے کی بجلی کی بندش ناقابل قبول ہے، پشتونخوا نیپ

اس کے باوجود انہیں بنیادی سہولت یعنی مسلسل بجلی کی فراہمی سے محروم رکھا جا رہا ہے، ضلعی بیان

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی ضلع کوئٹہ کے جاری کردہ بیان میں کوئٹہ شہر، بالخصوص لیاقت بازار، ستار روڈ، قندھاری بازار، چوہڑ مل روڈ اور ملحقہ تجارتی علاقوں میں گزشتہ کئی دنوں سے جاری کئی کئی گھنٹوں کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ پر شدید تشویش اور مذمت کا اظہار کیا گیا ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ کوئٹہ شہر کے مرکزی اور گنجان آباد تجارتی علاقوں میں طویل دورانیے کی بجلی کی بندش ناقابل قبول (باقی صفحہ 3 نمبر18)

بی این پی عوامی کی پشتون ثقافتی دن کے موقع پر دنیا بھر میں آباد پشتون عوام کو دلی مبارکباد پیش

ثقافتی شناخت کا تحفظ قوموں کے تاریخی شعور اور اجتماعی بقا کی ضمانت ہے، بی این پی (عوامی)

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی (عوامی) کے مرکزی ترجمان نے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ پارٹی کے مرکزی صدر سابق سینیٹر و وفاقی وزیر نوابزادہ میر اسرار اللہ زہری اور مرکزی کابینہ کے اراکین نے پشتون ثقافتی دن کے موقع پر دنیا بھر میں آباد پشتون عوام کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ثقافت کسی بھی قوم کی شناخت تاریخی شعور اور اجتماعی (باقی صفحہ 3 نمبر20)

ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال دکی کا دورہ

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال دکی کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو (BSDI) پروگرام کے تحت آپریشن تھیٹرز میں جاری تعمیراتی کام، مشینری کی فراہمی اور تنصیب کے عمل کا تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے ڈپٹی کمشنر کو آپریشن تھیٹرز کی بحالی، جاری تعمیراتی کام اور فراہم کی جانے (باقی صفحہ 3 نمبر19)

نال بازار میں زائد المیعاد اشیاء کی فروخت، انتظامیہ سے کارروائی کا مطالبہ

کوئٹہ (آن لائن) نال بازار میں بعض دکانداروں کی جانب سے زائد المیعاد اشیاء کی مبینہ فروخت کا سلسلہ جاری ہے، جس کے باعث شہریوں کی صحت متاثر ہونے اور مختلف بیماریوں کے پھیلنے کا خدشہ ہے۔ عوامی حلقوں نے نال انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ بازار میں موجود اشیائے خورونوش اور دیگر استعمال کی اشیاء کی چیکنگ کی جائے، زائد المیعاد سامان ضبط کر کے ذمہ دار دکانداروں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی جائے تاکہ عوام کو معیاری اور محفوظ اشیاء کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

اسمبلی سے لیکر ہر اسٹیج پر سٹی کیمپس جیسے تعلیمی ادارے کا دفاع کرے گی، بی این پی

تعلیمی اداروں کے دروازے بند کرنے کے مترادف ہے جو کسی صورت قابل قبول نہیں

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے صوبائی ترجمان نے صوبائی پریس ریلیز جاری کرتے ہوئے کہا کہ نااہل صوبائی حکومت بیوٹمز سٹی کیمپس کو کسی اور ادارے کے حوالے کرنے کی کوشش میں مصروف عمل ہے جو بلوچستان کے نوجوانوں کے ساتھ تعلیم دشمنی کے مترادف ہوگی کیونکہ بلوچستان کے نوجوانوں کے لیے پہلے ہی تعلیمی ادارے نا ہونے کے برابر ہیں اگر جو ادارے موجود ہیں وہ بھی نااہل حکومت چھین کر کسی اور ادارے کے حوالے کرنے کی کوشش میں ہو تو پھر ایسی حکومت کی دانشمندی پر سوائے ماتم کے کچھ نہیں کہا جا سکتا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر30)

نئے صوبوں کے قیام کی حمایت، 76 فیصد نوجوانوں نے رائے دے دی

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان کے چاروں صوبوں، آزاد جموں وکشمیر اور گلگت بلتستان میں نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے ایک مطالعاتی رپورٹ میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ 76 فیصد نوجوانوں نے نئے صوبوں کے قیام کی حمایت جبکہ 24 فیصد نے مخالفت کی۔ دی (باقی صفحہ 3 نمبر27)

عبیداللہ بلوچ سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان کی ملاقات

مستحق خصوصی افراد کیلئے وہیل چیئرز کی فراہمی، رجسٹریشن اور لسٹنگ کے عمل کا جائزہ

گوادر (خ ن) محکمہ سماجی بہبود کے سوشل ویلفیئر آفیسر عبیداللہ بلوچ سے رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بلوچ کی معاون خصوصی ویسم صدا نے ملاقات کی، جس میں مستحق خصوصی افراد کے لیے وہیل چیئرز کی فراہمی، رجسٹریشن اور لسٹنگ کے عمل کا جائزہ لیا گیا ملاقات میں معاون نے کہا کہ صوبائی حکومت کی فلاحی پالیسی کے تحت خصوصی افراد کو سہولیات کی فراہمی اور ان کی معاونت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے تعلیمی اداروں میں زیر تعلیم اور ملازمت یا روزگار سے وابستہ مستحق خصوصی افراد کی لسٹنگ جلد مکمل کرنے پر زور دیا تاکہ انہیں الیکٹرک وہیل چیئرز (باقی صفحہ 3 نمبر26)

ڈپٹی کمشنر دکی کا انسدادِ پولیو مہم کے دوسرے روز ضلع کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کا دورہ

فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل اور مہم کی مجموعی پیش رفت کا جائزہ لیا

دکی (خ ن) ڈپٹی کمشنر دکی فضل الرحمن کبدانی نے جاری انسداد پولیو مہم کے دوسرے روز ضلع کے مختلف علاقوں میں پولیو ٹیموں کا دورہ کر کے فیلڈ سرگرمیوں، بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کے عمل اور مہم کی مجموعی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے مختلف پولیو ٹیموں سے ملاقات کی اور ان کی فیلڈ میں موجودگی، حاضری، بچوں کی کوریج اور مقررہ اہداف کے مطابق پیش رفت کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ (باقی صفحہ 3 نمبر29)

عالمی پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے ایف سی پبلک ہائی اسکول ہرنائی میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد

ہرنائی (آن لائن) عالمی پشتون کلچر ڈے کی مناسبت سے ایف سی پبلک ہائی اسکول ہرنائی میں ایک شاندار اور پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس کا بنیادی مقصد پشتون ثقافت، شاندار روایات، اقدار اور تاریخی ورثے کو اجاگر کرنا تھا اس اہم تقریب میں ڈپٹی کمشنر ہرنائی ارشد حسین جمالی (باقی صفحہ 3 نمبر28)

وارث افغان کے زیر صدارت پشتونخوا ایس او جنوبی پشتونخوا زون کا اجلاس

اجلاس میں 27 اکتوبر کو زونل کانفرنس کا فیصلہ، تمام اضلاع کو تیاری کی ہدایت جاری

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن جنوبی پشتونخوا زون کی زونل کمیٹی کا اجلاس زونل آرگنائزر وارث افغان کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، پشتونخوا اسٹوڈنٹس آرگنائزیشن کے مرکزی آرگنائزر سیف اللہ خان کاکڑ، مرکزی اطلاعات آرگنائزر اسفندیار خان کاکڑ اور زونل کمیٹی کے کثیر تعداد میں اراکین نے شرکت کی۔ زونل کمیٹی میں ہر ضلع کی تفصیلی گزشتہ کارکردگی رپورٹ پیش کی گئی جسے سوال و جواب کے بعد منظور کر لیا گیا۔ جنوبی پشتونخوا زون کی تفصیلی رپورٹ زونل سیکرٹری آر (باقی صفحہ 3 نمبر25)

کوئٹہ، وائس چانسلر بیوٹمز یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ فوٹوگرافی اور فنون لطیفہ سے متعلق منعقدہ تقریب میں نمایاں کارکردگی دکھانے والوں میں اسناد تقسیم کر رہے ہیں

کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کی زیر صدارت اجلاس

جدید ٹیکنالوجی کے استعمال کی تربیت اور ریسورسز استعمال کرنے کی ضرورت ہے

پبلک ٹرانسپورٹ کو بار بار چیکنگ کرنے کی ضرورت نہ پڑے سیکیورٹی اداروں کو ڈیجیٹلائزیشن کی جانب بڑھنا ہوگا

حب (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطا کی زیر صدارت ضلع حب اور لسبیلہ میں امن و امان وانسداد اسمگلنگ کے حوالے سے اہم اجلاس لیڈا کانفرنس روم میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع حب لسبیلہ کے انتظامی افسران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج کریم بلوچ اسسٹنٹ کمشنر حب مہم بلوچ ایس پی حب مرزا اقبال حسن اور ایف سی 147 ونگ کے میجر بیگ (باقی صفحہ 3 نمبر21)

بلوچستان لیبر فیڈریشن کا سینئر صحافی سید عابد بخاری کی انتقال پر اظہار افسوس

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان لیبر فیڈریشن کے صدر خان زمان، چیئرمین حاجی بشیر احمد رند، سیکرٹری جنرل قاسم خان کاکڑ، حاجی عبدالعزیز شاہوانی، عابد بٹ، محمد عمر جتک، عارف خان نیچاری، دین محمد محمد حسنی، ملک وحید کاسی، ملک محمد حسین ہنگلوئی، ظفر خان رند، سید منظور شاہ فضل محمد یو (باقی صفحہ 3 نمبر22)

سپرنٹنڈنگ انجینیئر اریگیشن نصیرآباد مدثر ظفر کھوسہ کا ربیع کینال کا دورہ

دورہ کر کے زرعی پانی کی فراہمی اور نہری نظام کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی اور صوبائی سیکرٹری آبپاشی سہیل الرحمن بلوچ کے احکامات کی روشنی میں سپرنٹنڈنگ انجینئر اریگیشن نصیرآباد سرکل مدثر ظفر کھوسہ نے ربیع کینال کا دورہ کر کے زرعی پانی کی فراہمی اور نہری نظام کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف مقامات پر پانی کی ترسیل، نہر میں پانی کی دستیابی کے حوالے سے معائنہ کیا جبکہ سب ڈویژنل آفیسر محمد سلیم بہرانی سے نہری پانی کی موجودہ صورتحال، ترسیلی نظام اور کسانوں کو درپیش مسائل کے متعلق تفصیلی آگاہی حاصل کی۔ اس موقع پر داروغہ لونگ (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ میں 349 جوانوں کی بھرتی کا عمل مکمل

کوئٹہ (آن لائن) ایڈیشنل آئی جی پی و کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری اشفاق احمد کی سربراہی میں قائم ریکروٹمنٹ کمیٹی اور ڈپٹی کمانڈنٹ، ڈی آئی جی پولیس محترمہ شہلا قریشی کی زیر نگرانی ڈسٹرکٹ پولیس کوئٹہ میں جوانوں کی بھرتی کا عمل انتہائی شفاف انداز میں میر (باقی صفحہ 3 نمبر24)

کوئٹہ، اولس آرٹس کونسل کے زیر اہتمام پشتون کلچر ڈے کے موقع پر پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ زیرے، عیسیٰ روشان، سید عبدالقادر آغا اور دیگر تصویری نمائش کا افتتاح کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ فون، فیکس: 2824878 موبائل نمبر: 03337867133 ای میل: twnisb@gmail.com tameerewatan33@gmail.com